# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل 24 جون 2014ء بمطابق 25 شعبان 1435 ہجری صبح گیارہ بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

مَّن كَانَ يُرِيدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِندَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيعًا بَصِيرًاO يٰأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا كُونُوا قَوّٰمِينَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰى أَنفُسِكُمْ أَوِ الْوٰلِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ إِن يَكُنْ غَنِيًّا أَوْ فَقِيرًا فَاللّٰهُ أَوْلٰى بِهِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰى أَن تَعْدِلُوا وَإِن تَلْوُۥا أَوْ تُعْرِضُوا فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا۔

(ترجمہ): جو شخص دنیا (میں عملوں) کی جزا کا طالب ہو تو خدا کے پاس دنیا اور آخرت (دونوں) کیلئے اجر (موجود) ہیں۔ اور خدا سنتا دیکھتا ہے۔ اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہو اور خدا کیلئے سچی گواہی دو خواہ (اس میں) تمہارا یا تمہارے ماں باپ اور رشتہ داروں کا نقصان ہی ہو۔ اگر کوئی امیر ہے یا فقیر تو خدا ان کا خیر خواہ ہے۔ تو تم خواہش نفس کے پیچھے چل کر عدل کو نہ چھوڑ دینا۔ اگر تم پیچیدا شہادت دو گے یا (شہادت سے) بچنا چاہو گے تو (جان رکھو) خدا تمہارے سب کاموں سے واقف ہے۔ وآخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: چھٹی کی کچھ درخواستیں آئی ہیں، یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں: جناب زاہد خان درانی صاحب، ایم پی اے 24-06-2014؛ میڈم انیسہ زیب طاہر خیلی 24-06-2014 و 25-06-2014؛ جناب سردار فرید احمد خان صاحب، ایم پی اے 24-06-2014 و 25-06-2014؛ جناب میاں ضیاءالرحمان صاحب، ایم پی اے 24-06-2014؛ جناب صالح محمد خان، ایم پی اے 24-06-2014۔ منظور ہے؟

اراکین: منظور ہے۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی مفتی صاحب۔

## رسمی کارروائی

مفتی سید جانان: جناب سپیکر! یو خبره کوم که لږ وخت مو راکړو، ستاسو به مهربانی وی جناب سپیکر صاحب۔ زه جناب سپیکر صاحب، تاسو د دغه معزز ایوان او بلکه د ټولې صوبې مسلمانانو ستاسو په واسطې باندې د هغوی توجه یو اهمې مسئلې طرف ته اړوؤم۔ جناب سپیکر صاحب، نن دغې صوبې کښې او د صوبې ملحقه علاقو کښې قبائلی خلقو سره جناب سپیکر صاحب! چې کوم څه روان دی او څه کیږی، یقین وکړه ما اوس دلته چا ته وئیل چې خدائے مونږ نه ناراضه مه شه خو کاش چې مونږ دغې زمانې کښې نه وے پیدا۔ جناب سپیکر صاحب، هغه اسلحې چې هغه د دغه قوم په ټیکسونو باندې، د دغه غریبو عوامو په ټیکسونو باندې او قومی بجټونو باندې جوړې شوی وی جناب سپیکر صاحب، که زه خوش قسمتی اووایم او یا بد قسمتی ورته اووایم، نن هغه زمونږ د خپل ملک او د خپلو خلقو او د دې خپل ملک باشندګانو خلاف استعمالیږی خو جناب سپیکر صاحب، پرون دلته یو قرارداد راوړلے شو، هغه قرارداد نه یوه دردونکی خبره زه بله درته کوم جناب سپیکر صاحب، یو روژه بالکل په سر باندې راروانه ده خو کیدے شی حکومتی بنچونو نه مونږ ته دا جواب ملاؤ شی چې دا د مرکزی

حکومت فیصله ده، مونږ دیکښې نه یو، جناب سپیکر صاحب! دغه ایوان کښې چې د چا خبرې واؤرې، هغه زړه پریکونکی خبرې دی، څوک به وائی ما لاره کښې بچی مړه ولیدل، څوک وائی چې حیوانات مو مړه ولیدل، څوک وائی چې په فلانی کور کښې دومره کسان او دومره زنانه دی جناب سپیکر صاحب، پکار دا وه جناب سپیکر صاحب! لکه څنګه د عوامی نیشنل پارټۍ حکومت کښې د سوات آپریشن شوے وو، دغه خلقو د میثاق مدینه یو یاد تازه کړے وو، که د چا کور کښې دوه کمرې وې، هغه ورته وئیلی وو چې یوه کمره ستا یوه کمره زما خو جناب سپیکر صاحب! نن ما یوه خبره واؤریدله چې د چارسدې ډی سی صاحب د وزیرستان یو پچاس د متاثرینو کورونه راغلی دی، هغه کورونو ته وائی چې تاسو به د دغې ضلعې نه اوځئ، ضلع چارسده به پرېږدئ۔ جناب سپیکر صاحب، زه به دا خبره خامخا کوم چې که زه نن پنجاب او سندھ نه ګیله کوم، که زه نن د بلوچستان نه ګیله کوم، دغه ګیلې به زه څه کړم جناب سپیکر صاحب! دا زما پښتون ورور، دا زما قبائلی ورور، نن هغه ته زما صوبې کښې ځائې نه ملاویږی جناب سپیکر صاحب! او زه دا قسمیه طور باندې جناب سپیکر صاحب! وایم چې که قبائل د ملک خلق، څومره زیاتے ورسره وکړئ خو قبائل وفادار خلق دی، قبائیل د وفا نه ډک خلق دی۔ که دغه ملک باندې بده ورځ راغله، بیا به تاریخ د دغې خبرې ګواهی کوی چې قبائیل د دې ملک، د دغې خاورې د تحفظ د پاره به د ټولو نه مخکښې قبائیل ولاړ وی۔ زه جناب سپیکر صاحب، د چارسدې ډی سی صاحب چې کوم دا عمل کړے دے، زه د دې غندنه کوم بلکه که بله ضلع کښې که څوک هم دا حرکت کوی، تاسو ته دا ګزارش کوم چې دا روژه راغله، پکار دا ده چې مونږ خلقو سره همدردی وکړو، پکار دا ده یو بې کاره سړے دے، هغه ته چې څه زه ځائې نشم ورکولے، د هغې خلاف زه یو اقدام اوچت نکړم، تاسو ته به مو دا ګزارش وی، دا ستاسو په واسطې باندې به د دغې صوبې ټولو عوامو ته زما دا ګزارش وی چې قبائیل نن تکلیف کښې دی، د هغوی سره دې درد کښې شریک شئ، د هغوی سره تعاون وکړئ، د هغوی سره ملګرتیا وکړئ۔ په ځائې د دې چې زمونږ حکومت لګی هغوی ته وائی چې ته به د دغې ضلعې ته نه راځې، ته به د دغې ضلعې ته نه راځې، جناب سپیکر صاحب! چې چا دا عمل کړے وی او زه

د دغه ډی سی صاحب غندنه کوم او چې صوبې کښې د بلې کومې ضلعې ډی سی یا څوک هم دا عمل کوی جناب سپیکر صاحب، مونږ به د آئنده د پاره که چا داسې عمل وکړو جناب سپیکر صاحب، زه به ستاسو رولنګ غواړم چې داسې عمل نه انارکی پیدا شی، بې خوندئ به ورنه پیدا شی جناب سپیکر صاحب، بغض به پیدا شی، دا به مو ګزارش وی۔

جناب سپیکر: سراج صاحب! تاسو په دې خبره وکړئ او زه خپل ځانی خپل سیکرټریټ ته دا دغه کوم چې دا ډی سی سبا Immediately رااوغواړئ او که ده دا حرکت کړے وی، د ده خلاف چې څه Disciplinary action پکار دے نو هغه به مونږ Propose کوؤ۔ (تالیاں) جناب سراج الحق صاحب! جی۔

جناب شاد محمد خان: جناب سپیکر صاحب! زه یو خبره کول غواړم۔

جناب سپیکر: جی شاد محمد خان۔

جناب شاد محمد خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر صاحب۔ مفتی صاحب ډیرې ښکلې خبرې وکړې خو زه دا عرض کوم چې دلته زه حکومتی بنچ باندې ناست یم خو قبائل دے، ستاسو شکریه ادا کوم، د عمران خان هم زه شکریه ادا کوم، د قبائل د طرفه هم، د ځان د طرفه هم چې هغوی راغلل او د دوئ درد، د دوئ په دکه کښې شریک شول، حالات په خپلو سترګو باندې تاسو وکتل خو پرون چې دا کومه واقعه شوې ده، دا په ټولو ټی وی ګانو باندې چلیده چې د چارسدې ډی سی 40 فیملیز د چارسدې نه اوویستل، هغوی ته ئے آرډر وکړو چې تاسو اوځئ خو زه دا وایم چې آیا دا قبائل پاکستانیان نه دی، آیا دا د بلې خاورې دی؟ زما خو پرون ګیله د سندھ حکومت نه وه، ما وئیل چې قرارداد به پاس کوؤ د هغې خلاف خو زمونږ ډپټی کمشنر چې کوم اقدام واخستل، د هغې خلاف فوری ایکشن پکار دے او زه خپلو ورونړو ته وایم، د ټولې صوبې ورونړو ته، دا نن ورځ د تکلیف ورځ په قبائلو باندې ده او دا هغه قبائل دی چې آزاد کشمیر ئے آزاد کړے وو، خپله وینه ئے ورکړې وه، د دې پاکستان د پاره ئے خپله وینه پیش کړې ده۔ نن په بلوچستان کښې څه څه نه کیږی خو الحمدللّٰه په نارتھ وزیرستان کښې پاکستان مرده باد نعره مونږ وانۂوریدله، (تالیاں) د

پاکستان جھنډا دہ، د پاکستان جھنډې ته چا په بد نظر اونه کتل۔ هغه بله ورځ چې کومه جرګه راغله نو هغې صفا اعلان وکړو چې زمونږ د پاکستان سره چرته جنګ نشته، پاکستان زمونږ ملک دے او مونږ د دې بې خیری چرته نه غواړو او د خپل طرف نه د یوې میاشتې تنخواه او چې څومره مراعات وی، د دوه میاشتو، یو نه د دوه میاشتو، هغه زه د دوئ د فنډ د پاره وقف کوم چې کوم فنډ د دوئ د پاره شوے دے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ محترم سپیکر صاحب، مفتی جانان صاحب اور شاد محمد خان صاحب نے جو بات کی ہے، اس پر اتنا ہی تبصرہ کرتا ہوں کہ قبائلی علاقوں پر جب یہ آفت آئی ہے تو سب سے پہلے میں بھی اور پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان بھی اگلا جو سٹاپ ہے جہاں ان کو Receive کیا جاتا ہے، وہاں پر پہنچے ہیں اور خود وزیر اعلیٰ صاحب بھی تھے اور تمام وزراء بھی، یہ ایک میسج تھا قبائلی عوام کو اور ایک پیغام تھا کہ ہم اس درد اور تکلیف کے وقت میں ان کے ساتھ شریک ہیں شانہ بشانہ ہیں۔ کل اس اسمبلی نے ایک متفقہ قرارداد پاس کی ہے، سندھ حکومت اور دوسرے صوبوں سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ قبائلی عوام جہاں بھی جاتے ہیں، وہاں ان پر پابندی نہیں لگنی چاہیئے اور آئین میں یہ بات واضح لکھی ہے کہ کسی بھی پاکستانی پر پاکستان کے کسی بھی خطے میں جانے پر پابندی نہیں لگائی جاسکتی، اس لئے چارسدہ ہو، اسلام آباد ہو، لاہور ہو، کراچی ہو، ہر کہیں وہ جاسکتے ہیں اور یہ ان کا حق ہے۔ جناب سپیکر صاحب، خیبر پختونخوا کی حکومت نے ان کیلئے سکولز کھولے ہیں، کالجز کھولے ہیں، ہسپتال میں علیحدہ ڈسک قائم کیا ہے، رمضان پیکیج کا اعلان کیا ہے، ان کے گھروں کے کرائے ادا کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور ہم خود، تمام ڈی سی اوز کو حکومت نے ایڈوائس کی ہے کہ جہاں جہاں قبائلی عوام کا کوئی آدمی آجائے تو اس کو رجسٹر کر کے اس کا نوٹس لیکر ہمیں اطلاع کرلیں اور فوری طور پر ان کو ریلیف دینا شروع کردیں۔ لہذا آپ نے ٹھیک فیصلہ کیا کہ ڈی سی صاحب کو فوری طور پر بلانا چاہیئے، انکوائری بھی کرنی چاہیئے، اگر اس نے کوئی ایسی حرکت کی ہے دیدہ ودانستہ تو اس پر وہ سزا کے مستحق ہونگے لیکن میں تو یہ بات بھی عرض کرنا چاہتا ہوں جناب سپیکر صاحب! کہ جو ہمارے قبائلی بھائی افغانستان گئے ہیں، میں تو اس خیبر پختونخوا کے عظیم جرگے کی طرف سے

ان سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ وہاں سے واپس اپنے ملک آجائیں، یہ ان کی مٹی ہے، یہ ان کی دھرتی ہے، یہ ان کا ملک ہے، انہوں نے 65 سالوں سے پاکستان کے مفادات کا تحفظ کیا ہے اور وہ پاکستان کی ایک ایسی فورس ہیں جس پر بجا طور پر ہم فخر کر سکتے ہیں اس لئے ان کو واپس پاکستان آنا چاہیئے اور ہمارے دل ان کیلئے کھلے ہیں اور ہمارے دروازے ان کیلئے کھلے ہیں اور ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس مشکل کو آسان بنا دے۔ جناب سپیکر صاحب، ہم اس کا بھی اعتراف کرتے ہیں کہ قائداعظم محمد علی جناح نے قبائلی عوام کے ساتھ جو وعدے کئے تھے تو قبائلی عوام نے تو وعدے نبھائے ہیں لیکن پاکستان کی حکومتوں نے ان وعدوں کو نہیں نبھایا اور یہی وجہ ہے کہ وہ احساس محرومی کے شکار ہیں اور ایک بار پھر ہم اگر بات کرنا چاہتے ہیں کہ قبائلی علاقوں میں نہ آج تک میڈیکل کالج ہے، نہ یونیورسٹی ہے، نہ کوئی اور ایسا ادارہ ہے جہاں وہاں معاشی Activities ہوں۔ اس لئے شروع ہی سے ہمارا جناب سپیکر، یہ مؤقف ہے کہ اس کو Address کیا جائے ان Problems کو اور میں نے اس بجٹ سے قبل بھی مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا تھا کہ کم از کم 100 بلین کا ڈیویلپمنٹل، ایک ترقیاتی بجٹ ان کی ڈیویلپمنٹ کیلئے بجٹ میں رکھا جائے لیکن افسوس ہے کہ انہوں نے صرف 18 بلین رکھا جو ان کیلئے بالکل ہی ناکافی ہے لیکن اب بھی وقت ہے کہ مرکزی حکومت اس مسئلے کو Address کرلے۔ کل ہم نے یہی قرارداد پاس کی ہے کہ اگر سات ہزار روپے رقم دینے کا مرکزی حکومت نے اعلان بھی کیا ہے تو ظاہر ہے ایک خاندان میں دس بارہ، پندرہ لوگ ہوتے ہیں تو وہ سات ہزار پندرہ افراد کیلئے بالکل ہی ناکافی ہے، اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ اس کیلئے ایک ایسی خطیر رقم رکھی جائے، صوبائی حکومت بھی کر رہی ہے اور مرکزی حکومت کو بھی کرنا چاہیئے اور عوام کو بھی کرنا چاہیئے۔ مفتی جانان صاحب کا بھی شکریہ، شاہ محمد خان صاحب کا بھی شکریہ اور آپ کا بھی کہ آپ نے بروقت ایک فیصلہ کیا اور آپ کے Decision کے ساتھ ہماری حکومت کا بالکل اتفاق ہے، اگر کسی بھی سرکاری آفیسر نے اس طرح حرکت کی ہے تو صوبائی حکومت اس کا محاسبہ کرے گی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

## مسودہ قانون مجریہ 2014 کا زیر غور لایا جانا

(لیڈی ہیلتھ ورکرز کی مستقلیٔ ملازمت)

Mr. Speaker: Honourable Senior Minister for Health, to please move for consideration of the Khyber Pakhtunkhwa, Regularization of Lady Health Workers Program and Employees (Regularization and Standardization) Bill, 2014.

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: تھینک یو، جناب سپیکر۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Regularization of Lady Health Workers Program and Employees (Regularization and Standardization) Bill, 2014 may be taken into consideration at once. Thank you, ji.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Regularization of Lady Health Workers Program and Employees (Regularization and Standardization) Bill, 2014 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clause 1 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clause 1 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clause 1 stands part of the Bill. Amendment in Clause 2 of the Bill: Syed Jafar Shah, MPA, to please move his amendment in paragraph (b) of Clause 2 of the Bill. (Not present, it lapses).

(Applause)

Mr. Speaker: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 3 and 4 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 3 and 4, since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 2, 3 and 4 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 2, 3 and 4 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 2, 3 and 4 stand part of the Bill. Amendment in Clause 5 of the Bill: Syed Jafar Shah (Not present, it lapses). 'Noes'. The amendment is dropped and original sub clause (1) of Clause 5 stands part of the Bill. Syed Jaffar Shah,

(Not present, it lapses). ‘Noes’. The amendment is dropped and original sub clause (3) of Clause 5 stands part of the Bill. Sub clauses (2), (4) and (5) of Clause 5 also stand part of the Bill. Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 6 to 12 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 6 to 12 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Clauses 6 to 12 stand part of the Bill. Amendment in the Preamble Clause of the Bill: Honourable Minister for Health, to move his amendment in the Preamble of the Bill.

Senior Minister for Health: Thank you. I beg to move that in the Preamble, paragraph (2) shall be deleted, please. Thank you.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment moved by the honourable Minister, may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Long Title also stands part of the Bill.

## مسودہ قانون مجریہ 2014 کا پاس کیا جانا

### (لیڈی ہیلتھ ورکرز کی مستقلی ملازمت)

Mr. Speaker: ‘Passage Stage’: Honourable Senior Minister for Health, to please move for passage of the Bill.

Senior Minister for Health: Thank you, ji. I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Regularization of Lady Health Workers Program and Employees (Regularization and Standardization) Bill, 2014 may be passed. Thank you.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Regularization of Lady Health Workers Program and Employees (Regularization and Standardization) Bill, 2014 may be passed with amendments? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Bill is passed with amendments.

## مسودہ قانون(ترمیمی) خیبر پختونخوا احتساب کمیشن 2014 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Honourable Special Assistant for Law, on behalf of honourable Chief Minsiter, to please move for consideration of the Bill.

Mr. Arif Yousaf (Special Assistant for Law): Thank you, janab Speaker. I beg to move, on behalf of the honourable Chief Minister, that the Khyber Pakhtunkhwa, Ehtesab Commission (Amendment) Bill, 2014 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Ehtesab Commission (Amendment) Bill, 2014 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 4 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 4 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 4 stand part of the Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

## مسودہ قانون(ترمیمی) خیبر پختونخوا احتساب کمیشن 2014 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Honourable Special Assistant for Law.

Special Assistant for Law: Thank you, Mr. Speaker. I beg to move, on behalf of the honourable Chief Minister, that the Khyber Pakhtunkhwa, Ehtesab Commission (Amendment) Bill, 2014 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Ehtesab (Amendment) Bill, 2014 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

ابھی ڈسکشن ضمنی بجٹ پر، تو میں مولانا لطف الرحمان صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنی ابتدائی سپیچ۔۔۔۔۔

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}: پوائنٹ آف آرڈر سر!

جناب سپیکر: جی سراج صاحب۔

سینیئر وزیر (خزانہ): ہم نے مشورہ کیا ہے جی اور اس مشورے کے نتیجے میں وزیر اعلیٰ صاحب کے ساتھ آج ہم یہ اعلان کرنا چاہتے ہیں کہ یہ جو آئی ڈی پیز یہاں پر آئے ہیں تو کیبنٹ کے جتنے بھی ممبران ہیں، ان کی ایک مہینے کی تنخواہ ان کیلئے ریلیف کے کام میں دینے کا اعلان کرتے ہیں۔ (تالیاں) اس کے ساتھ ہی، اس کے ساتھ ہی چیف سیکرٹری نے کہا ہے کہ وہ خود اور جتنے بھی سرکاری لوگ ہیں، وہ بھی ایک دن کا جو معاوضہ ہے، ان کی تنخواہ ہے، وہ بھی دینے کا اعلان کرتے ہیں۔ جناب، اس کے ساتھ ہی ایک Well majority نے یہ تجویز دی ہے ممبران اسمبلی سے کہ وہ بھی ایک مہینے کی تنخواہ دینے کا اعلان کرتے ہیں اور جناب، ہم امید رکھتے ہیں، بلکہ آپ کے چہرے سے پتہ چلتا ہے کہ جناب سپیکر صاحب بھی ایک مہینے کی تنخواہ دینے کا اعلان کرتے ہیں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: بالکل یہ بہت اہم موقع اور میرے خیال میں ہم سب نے اس ایشو میں دل کھول کر اپنی Contribution ڈالنی ہے۔ میں تو Basically شوکت خانم کو دیتا ہوں لیکن اس کے باوجود میری جتنی بھی تنخواہ ہے اور دیگر مراعات ہیں، میں سب آئی ڈی پیز کیلئے اعلان کرتا ہوں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر!

جناب سپیکر: جی جی، منور خان صاحب۔ ایک منٹ جی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: اپوزیشن والے تو آپس میں بیٹھ کر وہ Decide کریں گے لیکن میں اپنی ذاتی طور پر ایک مہینے کی تنخواہ اور باقی جو مراعات ہیں، میں ان کیلئے وہ کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مولانا صاحب! آپ بسم اللہ کریں جی، میرے خیال میں کوئی Oppose نہیں کرے گا۔

جناب نور سلیم ملک: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی۔

جناب نور سلیم ملک: میں اپنے دو مہینے کی تنخواہ دینے کا اعلان کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ایک منٹ، مولانا صاحب بات کریں، اس کے بعد آپ کرلیں۔

محترمہ معراج ہمایون خان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: معراج ہمایون صاحبہ۔

محترمہ معراج ہمایون خان: پرون چې دے نو د اسمبلی سټاف د پاره اعزازی یو تنخواه منظوره کړه نو زما گزارش دا دے او ریکویسټ مې دا دے چې دلته کښې دا سپیشل برانچ والا ناست دی نو هغوی هم د هغوی هومره محنت کړے دے او دا لږه Heavy غونډې دغه وه او روژه هم راروانه ده او اختر هم راروان دے نو هغوی له د هم اعلان وشی د اعزازیه د پاره۔

## ضمنی بجٹ برائے مالی سال 14-2013 پر عام بحث

جناب سپیکر: مولانا صاحب۔

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت بہت شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، بجٹ پورے سال کے دورانیے کیلئے ہم پیش کرتے ہیں ایوان میں اور اس کو پاس کرتے ہیں پورے سال کیلئے اور چونکہ اپنے صوبے کی ضروریات ہمارے سامنے ہوتی ہیں اور اس پر ہم پورے سال کی محنت بھی کرتے ہیں کہ اس کیلئے پلاننگ کریں کہ اگلے سال ہم نے بجٹ پیش کرنا ہے اور ہم کس طریقے سے اس کو Manage کریں کہ ہم اپنے عوام کو بھی ریلیف دے سکیں اور اپنی پیداواری قوت کو بھی بڑھا سکیں اور اس کیلئے ہم سارا سال محنت کرتے ہیں۔ اسمبلی میں بجٹ پیش ہوا اور وہ کہتے ہیں کہ سر منڈاتے ہی اولے پڑ گئے، ایسے حالات میں جب یہاں ہم بجٹ پیش کر رہے ہیں اور ہم بجٹ پر بحث کرتے ہیں اور بجٹ کو پاس کرنے کیلئے اپنی رائے دیتے ہیں اور تجاویز دیتے ہیں، ایسے ٹائم پر ہمارے لئے ایک بہت ہی مشکل گھڑی

آئی اور وہ مشکل گھڑی آپریشن کے حوالے سے تھی جو نارتھ ہمارے قبائلی علاقے میں شروع ہوا۔ میں نے اس دن بجٹ کی تقریر میں بھی جو بات کہی تھی، وہ یہی کہی تھی کہ چونکہ ہم جب مذاکرات کی بات کرتے ہیں تو ہمیں ان مشکلات کا ادراک تھا کہ بعد میں جو مشکلات آتی ہیں اور پھر وہ ہمیں پوری قوم کو بھگتنا پڑتی ہیں، پورے ملک کو بھگتنا پڑتی ہیں اور یہ مشکلات ہمارے سامنے تھیں اور ہم جب مذاکرات کی بات کرتے تھے، وہ پراسیس ایسا تھا کہ اس سے ہم بہ احسن طریقے، پرامن طریقے سے کسی تکلیف کے بغیر نکل سکتے تھے۔ میں نے اس دن بھی کہا کہ آپریشن کرنے والوں کی سوچ بھی یہی ہے کہ امن کی طرف جائیں اور جو مذاکرات کی بات کرتے ہیں، انکی سوچ بھی یہی ہے کہ ہم امن کی طرف جائیں اور یہی ہمارا ٹارگٹ ہے لیکن یہ جو ساری سیچویشن تھی، جو ہمارے خطے کے حالات ہیں جناب سپیکر! اور پچھلے کئی عرصے سے جو تکالیف ہمارے اس پورے خطے میں گزر رہی ہیں، وہ ساری چیزیں ہمارے سامنے ہیں اور آج جب آپریشن کے نتیجے میں ان لوگوں کو اس علاقے کو چھوڑنا پڑتا ہے اور یہ وہ لوگ ہیں، وہ محب وطن لوگ ہیں جنہوں نے ہمیشہ پاکستان کی شروعات سے لیکر آج تک یہ لوگ قربانیاں دیتے رہے ہیں جناب سپیکر، پاکستان کیلئے قربانیاں دیتے رہے ہیں اور ٹرائبل ایریا ہمارے اس Settled اور اس پار کے علاقے کے بیچ میں ایک Sponge کا کردار جناب سپیکر، ادا کرتا ہے اور ان لوگوں کے حوالے سے جو ہمارا ایف سی آر کا قانون تھا یا جو ہمارے اس Settled area سے مختلف قانون وہاں پہ تھا تو وہ اس وجہ سے تھا جناب سپیکر! کہ ہمیں بغیر کسی تنخواہ کے ایک پوری فوج ملی ہوئی تھی جو ایک Sponge کا Role ادا کرتی ہے۔ اس کے محب وطنی میں کوئی شک نہیں، ان لوگوں کی قربانیوں میں کوئی شک نہیں جناب سپیکر! اور آج جب یہ تکالیف آئیں اور ان لوگوں کو بے سروسامانی میں اپنے گھر چھوڑنے پڑے جناب سپیکر! اور آج جب چند دنوں کی مسافت میں اگر آپ اس کو دیکھیں تو میرے خیال میں کوئی پانچ لاکھ تک لوگ اس وقت بے گھر ہو چکے ہیں اور وہ اپنے گھر چھوڑ کے آپ کے اس Settled area میں جناب سپیکر! آئے ہوئے ہیں اور بے سروسامانی میں جناب سپیکر، ہم نے کل قرارداد بھی پاس کی اور ہم نے اس پہ زور دیا کہ بڑی قلیل رقم جو سات ہزار روپے کے حوالے سے مختص کی گئی ہے، وہ بہت کم رقم ہے جناب سپیکر! اور اس سے شاید میں سمجھتا ہوں کہ جس

تکلیف میں وہ گھر چھوڑ کے آرہے ہیں، وہ سات ہزار میں پہلے دن سے ان کا کوئی ازالہ نہیں ہو سکتا جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں ریکویسٹ کرتاہوں تمام معزز اراکین اسمبلی سے کہ اپوزیشن لیڈر سپیچ کر رہاہے اور اگر اسکی بات کو آپ لوگ نہیں سمجھ سکیں گے کہ وہ کیا پوائنٹس اٹھا رہے ہیں تو یہ مناسب نہیں ہے۔ تو میں ریکویسٹ کرتاہوں، عنایت صاحب! عنایت صاحب، پلیز۔

قائد حزب اختلاف: بڑی مہربانی، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: مطلب وہ ہے کہ اسکا فائدہ نہیں ہے پھر، شہرام خان! تاسو بہ لږ پلیز، تاسو بہ لږ ورو ستو، دا اهم دے۔

قائد حزب اختلاف: میرے کہنے کا جناب سپیکر، مقصد یہ ہے کہ آج ان لوگوں کیلئے، جو ہمارے بھائی ہیں، جو ہمارے پاکستانی ہیں، جو محب وطن ہیں، جو بے گناہ ہیں، جن کے اوپر آج یہ تکلیف آئی ہے اور وہ لاکھوں کی تعداد میں، جناب سپیکر! آج ہمارے ان رویوں کی ضرورت ہے ان کیلئے جناب سپیکر! کہ اگر ہم اس طرح بازگشت اگر ہم سنیں گے کہ آج انکو روکا جارہاہے کہ دوسرے صوبوں میں نہیں جاسکتے، کل ہم نے اس حوالے سے قرارداد پاس کی ہے جناب سپیکر، ملک کے کسی حصے میں جناب سپیکر! نہیں جاسکتے۔ سراج الحق صاحب نے بھی فرمایا کہ کوئی آئینی حق ان سے کوئی چھین نہیں سکتا کہ وہ اپنے پاکستان میں کہیں بھی رہ سکتے ہیں بحیثیت پاکستانی کے جو اسکا حق بنتاہے، اسکو کوئی روک نہیں سکتا جناب سپیکر! لیکن یہ جو صورتحال پیدا ہوئی، اس طرح کی بات پیدا ہوئی جس پہ ڈسکس کرنا بھی اسکو میں غلط سمجھتا ہوں جناب سپیکر، اگر ہمارے رویے اس طرح کا Message جناب سپیکر، پہنچائیں گے تو پھر شاعر کا ایک شعر ہے:

یہ مجھ میں تجھ میں جو نبھا ہے — یہ میرے ہی حوصلے کا کمال ہے

جناب سپیکر، ہمیں تو بڑے برادرانہ انداز میں، بڑی محبت میں ہمارے Messages جانے چاہئیں کہ آج آپ اس تکلیف کے دور سے گزر رہے ہیں۔ جناب سپیکر، کل آپ بھی وہاں پہ گئے، آپ نے بھی دیکھا چیف منسٹر صاحب بھی گئے ہیں، سراج الحق صاحب بھی گئے ہیں۔ ہماری جماعت کے لوگ وہاں پہ گئے ہیں، ہماری صوبائی قیادت بھی گئی اور وہ حالات ہم نے، خود ہم اس کو دیکھ رہے ہیں کہ جس طرح ان کی نقل مکانی ہو رہی ہے اور جہاں جہاں ان کو جگہ مل رہی ہے، کوئی رشتہ دار ہے، کہیں انکے دوست واحباب ہیں، کوئی

سکت رکھتا ہو گا، کرایہ پہ رہتا ہو گا لیکن جناب سپیکر، ہم پٹھان لوگ ہیں، ہمارا کلچر پشتو کا ہے، پشتون کا ہے، آپ کو پتہ ہے، آپ یہ سوات اور اس علاقے میں جب یہ صورتحال تھی اور ان لوگوں کو نظر آرہا تھا، بڑے اچھے اچھے خاندان، توان کو نظر آرہا تھا کہ شاید ہماری زندگی کل ہو نہ ہو، اور بہت سارے خاندان اس میں تباہ بھی ہوئے لیکن وہ اپنا گھر چھوڑنے کو جناب سپیکر، تیار نہیں تھے۔ وہ اپنی غیرت کا مسئلہ اسکو سمجھتے تھے جناب سپیکر! اور آج یہ لوگ بھی جن حالات میں نقل مکانی کر رہے ہیں تو ظاہر بات ہے کہ انکی غیرت تو بہر حال داؤ پر ہے۔ کوئی اپنا گھر چھوڑے کسی کے پاس رہے، اسکو اندر سے جو دل میں جو تکلیف محسوس ہو رہی ہے، اسکو آپ سوچ بھی نہیں سکتے، جس پہ گزرتی ہے وہ اسکو سمجھ سکتا ہے، جس پہ نہیں گزر رہی شاید وہ اس احساس کا ادراک جناب سپیکر! نہیں کر سکتا۔ تو آج ہماری ضرورت ہے، ہماری ذمہ داری ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ بے شک مرکز کا مسئلہ ہے، فیڈرل گورنمنٹ کے تحت وہ قبائلی علاقہ آتا ہے لیکن جو لوگ آرہے ہیں، ہمارے صوبے سے ان کا تعلق ہے، ہمارے Settled area میں وہ منتقل ہو رہے ہیں، تو ہمیں ہر صورت میں یہ Message بھی دینا ہے محبت کا، بھائی چارے کا، اپنائیت کا Message ہمیں دینا ہے کہ ہم ان کو ویلکم بھی کہیں اور ان کی تکلیف کا کوئی مداوا بھی جناب سپیکر! کر سکیں، ان کی تکلیف اور ان کے زخم پہ کوئی مرہم بھی جناب سپیکر، ہم رکھ سکیں۔ تو یہ ہمارا ایک ماحول ہونا چاہیئے کہ ہمارا رویہ ہونا چاہیئے، رویے وہ کام کرتے ہیں شاید آپ کی وہ ایک تنخواہ ہو اس میں وہ کردار ادا نہ کر سکے لیکن رویہ وہ کردار ادا کرتا ہے جناب سپیکر! کہ بھوک میں دن تو گزار دے گا لیکن اگر آپ کا رویہ غلط ہے تو پھر شاید برداشت سے باہر ہو جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، یہ ایک اہم بات تھی اور ضرورت تھی اس بات کی اور میں سمجھتا تھا کہ اس پہ بات ہو۔ جناب سپیکر، بجٹ کے حوالے سے میں جناب حاجی حبیب الرحمان صاحب کا بہت شکر گزار ہوں کہ اس دن جب انہوں نے بات کی تو انہوں نے اپنے الفاظ میں بصورت دیگر یہ سمجھانے کی کوشش کی کہ ہمارا جو بجٹ ہوتا ہے، وہ ضرورتوں کی بنیاد پر، Realistic حوالے سے، اعداد و شمار کے حوالے سے، ضرورتوں کے حوالے سے ہم بجٹ تیار نہیں کرتے بلکہ ہم سیاسی اثر و رسوخ اور اس میں مجبوریوں اور اس کو سامنے رکھ کر ہمارا یہ بجٹ جناب سپیکر! تیار ہوتا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک صحیح دشہ پر حاجی حبیب الرحمان صاحب نے بات کی، ایک اندھیرے میں دیا جلانے کی بات کی کہ یہ ایک واقعی بات ہے کہ ہمیں اس سائڈ پہ جانا

چاہیئے۔ میں انکا شکر گزار ہوں، میں ذکر کرنا چاہتا تھا انکا اس حوالے سے۔ اگر ضمنی بجٹ کے حوالے سے ہم بات کریں جناب سپیکر! تو سپلیمنٹری بجٹ جناب سپیکر، پیش کیا جاتا ہے یا تو ہمیں درمیان میں ایسی مزید رقم کی ضرورت پڑی اور ہمیں اس کو خرچ کرنا تھا، اس حوالے سے ضمنی بجٹ پیش کیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر! یا جو پہلے سے اعداد و شمار ہوتے ہیں، اس میں رد و بدل کرنا ہے جناب سپیکر! تو اس حوالے سے ضمنی بجٹ پیش کیا جاتا ہے لیکن سمجھنے کی بات یہ ہے جناب، دو تین باتیں ہیں اس میں کہ ایک تو اگر ہمارا 'مین' بجٹ ہے، اس پہ تو ہم سارا اس کو Lapse کر رہے ہیں، واپس کر رہے ہیں اور ادھر ہمیں ضمنی بجٹ کی ضرورت پیش آرہی ہے۔ تعلیم میں ہم ایمرجنسی کی بات کرتے ہیں، صحت کے حوالے سے ہم انقلاب کی بات کرتے ہیں اور پھر ہمیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ہمارے اخراجات کیا ہونگے سال کے؟ تو جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے محکموں کی اور منسٹریوں کی نااہلی ہوگی کہ ہمیں یہ معلوم نہ ہو کہ ہم نے سال میں کیا خرچ کرنا ہے اور اچانک انہیں خیال آتا ہے کہ اب اس میں مزید اضافی رقم کی، اضافے کی ضرورت ہے، اسکو ہم نے خرچ کرنا ہے۔ تو جناب سپیکر، اس ایوان کو بھی بتایا جائے کہ یہ ضرورت کس بنیاد پہ پیش آئی اور کیوں کی گئی اور پہلے سے اس کا خیال کیوں نہیں رکھا گیا کہ بجٹ میں وہ چیز پاس ہوتی ہے؟ ضمنی بجٹ کے حوالے سے جناب سپیکر، اعداد و شمار میں یا مزید ضرورتوں کے حوالے سے کیوں ضرورت جناب سپیکر! پیش آئی اور ہمیں اس چیز کو ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہیئے اور ہمیں بتانا چاہیئے کہ ہمیں یہ ضرورت کیوں ہوئی؟ اگر محکموں کی نااہلی ہے تو اس کو پوائنٹ آؤٹ ہونا چاہیئے اور ان سے پوچھ گچھ ہونی چاہیئے کہ آپ نے بجٹ کے حوالے سے، آپ نے اس وقت پاس کرنے کی اسکی کوشش کیوں نہیں کی گئی۔ تو جناب سپیکر، یہ ہمارا صوبہ ہے، ہماری ضرورتیں ہیں۔ جب ہم ایمرجنسی کی بات کرتے ہیں تو پھر پورا پلان ہمارے پاس ہونا چاہیئے اور ہماری پہلے سے اس کیلئے وہ تیاری ہونی چاہیئے کہ ہم اس بجٹ کو پاس کریں۔ اسی طرح صحت کے حوالے سے ہم بات کرتے ہیں تو پہلے سے ہماری ایک تیاری ہونی چاہیئے اور اس کو ہمیں پاس کرنا چاہیئے تاکہ بعد میں ہمیں ان چیزوں کی ضرورت پیش نہ ہو اور اس کا خیال بھی پہلے سے رکھنا چاہیئے کہ اگر اس میں رد و بدل کرنا ہے، ایک مد سے دوسری مد میں یا کوئی نئی مد بنانی ہے تو اس کا خیال بھی پہلے سے جناب سپیکر، ہونا چاہیئے اور ہمیں اسکی پوری تیاری ہونی چاہیئے کہ ہم اس کو اس انداز میں چلائیں تاکہ ہمیں پورے سال کیلئے پھر اسکی ضرورت

نہ پڑے۔ جناب سپیکر، کل بھی ہمارے ایک بھائی سمیع اللہ علیزئی صاحب نے بات کی اور بڑی اس پہ ایک بات کی ٹیکسوں کے حوالے سے، بجٹ پاس ہو گیا، میں اس پہ نہیں جاتا لیکن میں یہ ضرور کہونگا کہ ٹھیک ہے ہمارے اس علاقے کے لوگوں کیلئے 12 ایکڑ، 10 ایکڑ بڑی زمین ہو گی لیکن جو ہمارے سدرن ڈسٹرکٹس ہیں، اس میں 12 ایکڑ کی کوئی حیثیت نہیں، معمولی سا کسان اور مزدور بھی 12 ایکڑ زمین رکھتا ہے۔ تو یہ جو ٹیکسوں سے بھرا، اور اس کو ایک پبلک دوست، انسان دوست بجٹ کہنا اور پھر اس کو سیاسی مجبوریوں اور اس حوالے سے اور ہو بھی وہ خسارے کا بجٹ، اور پھر اس کو ہم 'بیلنسڈ بجٹ' کہیں اور ہم ٹیکسوں کی بھرمار کریں، ٹیکس لگائیں اور پھر ہم اس کو اس صوبے کے بہترین اس کیلئے استعمال کریں تو ہماری رائے تھی، ہماری تجاویز تھیں، اپوزیشن ہوتی ہی اسی لئے ہے کہ ایک بہتر تجاویز دیں اور آپ نے اس کو Accept نہیں کیا اور آپ نے بجٹ پاس کیا اکثریت سے، یہ آپکا حق ہے، اکثریت سے بجٹ پاس ہوتے ہیں اور ہو گیا، ہم نے معاملہ عوام پر چھوڑ دیا کہ ان کا Response اس حوالے سے کیا آتا ہے کہ بجٹ اس سال جو بنا ہے، وہ عوام کیلئے کتنا بہتر ثابت ہو؟ تو ہماری کوشش یہ ہوتی ہے کہ ہم عوام کی بہتری کیلئے بات کریں، اس کیلئے تجاویز پیش کریں، ہم نے تجاویز پیش کیں۔ ہمارے سکندر خان صاحب نے بھی Technically اس کو ڈسکس کیا اور کوشش کی کہ ہم اس کو ایک بہتر بجٹ بنا سکیں۔ تو یہ ہماری ایک کوشش ہوتی ہے، اپوزیشن کی طرف سے ہم نے ایک بھرپور کوشش کی ہے عوام کی بھلائی کیلئے، تو یہی ہمارا ایک فرض بھی بنتا ہے، ایک ڈیوٹی بھی بنتی ہے، یہ ہماری کوشش تھی اور ہم نے بڑے اخلاص کے ساتھ کوشش کی ہے جناب سپیکر! اور اللہ کرے کہ ہمارے اس ملک کیلئے بہتر ہو، ہماری جو یہ مشکلات ہیں اس سے ہم بچیں، ہمارا یہ ملک مشکلات سے بچے اور ہم اس ملک کی سلامتی کیلئے کوشش کرینگے اور یہ کوشش ہماری ان شاءاللہ جاری رہے گی۔ میں اسی پر اکتفاء کرتا ہوں۔ و آخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جناب شاہ فرمان صاحب۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): شکریہ جناب سپیکر۔ مولانا صاحب نے جو خاصکر آئی ڈی پیز کی بات کی، اس کے حوالے سے بالکل صحیح فرمایا کہ یہ ساری تکالیف، ہمیں اس کا اندازہ تھا، ہے، اسی لئے امن کیلئے جو ہمارا مؤقف تھا اور ہے کہ مذاکرات۔ ایک مینڈیٹ ملا وفاقی حکومت کو آل پارٹیز سے مذاکرات

کیلئے جناب سپیکر، کسی بھی موقع کے اوپر وفاقی حکومت نے مذاکرات کی ناکامی کی بات نہیں کی، یہ اعلان ہم نے نہیں سنا کہ مذاکرات ناکام ہو رہے ہیں اور ہمیں یہ امید تھی کہ یہ ان شاءاللہ کامیاب ہونگے۔ جیسے ہی مذاکرات کا سلسلہ شروع ہوا، ایک واضح فرق آ گیا، ایک امن کا ماحول آ گیا اور خاصکر خیبر پختونخوا کے اندر لوگوں نے سکھ کا سانس لیا اور ہم اس امید کے اوپر بیٹھے تھے کہ یہاں تک کہ اس ہاؤس نے، جب ہمیں یہ نہیں پتہ چل رہا تھا تو اس ہاؤس نے ایک جوائنٹ ریزولیوشن پاس کرائی کہ ہمیں بتایا جائے کہ ہم کس سٹیج کے اوپر ہیں، کیا کامیابی ہے یا ناکامی ہے؟ اس کا بھی ہمیں نہیں بتایا گیا۔ آپریشن شروع ہوا جناب سپیکر! اور ہمیں میڈیا سے پتہ چلتا ہے۔ ایک تو یہ فرنٹ لائن پراونس ہے، ہمارے اوپر سارا Fallout آنا تھا، آئی ڈی پیز کو Handle کرنا، اس سے پہلے بھی جو ہمارا تجربہ، ایک مشکل کام ہے اور خاصکر جون کے مہینے میں رمضان آنے والا ہے اور جناب سپیکر! تقریباً ساڑھے چار لاکھ کے آئی ڈی پیز میں سے ایک لاکھ 51 ہزار بچے ہیں، اس موسم کے اندر یہ Handle کرنا، اگر یہ آپریشن شروع کرنا تھا تو اس صوبے کو، اس صوبائی حکومت کو بتانا بڑا لازمی تھا۔ جناب سپیکر، ہم اس کو بالکل ایک Conspiracy سمجھتے ہیں، اس صوبائی حکومت کے خلاف، جو ہماری Calculations ہیں کہ جوائنٹ فیملی سسٹم ہے اور ابھی تک 30 ہزار فیملیز سے زیادہ، لیکن 14 بندے ایک فیملی کے اندر ہوتے ہیں، On average جو Calculation ہے اور اس کیلئے سات ہزار روپے Per month per family جناب سپیکر، اگر ایک بندہ سوکھی روٹی کھائے، تین سوکھی روٹیاں کھائے دن کے اندر، تو یہ 30 روپے بنتے ہیں اور اگر اس کو آپ Multiply کریں By fourteen اور اس کو اگر مزید 30 کے ساتھ کریں تو 12 ہزار روپے کی تو صرف سوکھی روٹی آتی ہے ایک مہینے کی۔ جناب سپیکر، جو نقصان اس War on terror سے اس صوبے کا ہوا، جو انفراسٹرکچر، کاروبار جو سب کچھ تباہ ہے لیکن کولیشن سپورٹ فنڈ سے 75 ارب روپے، 75 billion rupees ملتے ہیں کولیشن سپورٹ فنڈ سے حکومت پاکستان کو۔ یہ حکومت پوچھنا چاہتی ہے جناب سپیکر! کہ اگر آئی ڈی پیز کے اوپر ان حالات کے اندر 75 بلین سے خرچ نہ کئے گئے تو پھر وہ کونسی جگہ ہوگی، وہ کونسی جگہ ہوگی جہاں پر آپ یہ 75 بلین خرچ کرینگے اور تین مہینے کیلئے اگر ہم Per family کو 30 ہزار روپے دینا چاہیں تو اس کیلئے ہماری ڈیمانڈ تھی کہ چھ ارب روپے دیئے جائیں۔ 14 بندوں کی فیملی کیلئے اگر ہم 30 ہزار روپے Initially per

month per family دینا چاہیں تو اس کیلئے ہمیں Six billion کی ضرورت ہے۔ جناب سپیکر، اس ڈیمانڈ کو وفاقی حکومت کے Spokesman نے احمقانہ قرار دیا۔ آج اس فلور کے اوپر ہم یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ جب سے War on terror شروع ہوا ہے، جب سے War on terror شروع ہے، دو چیزیں ہونی چاہیئے۔ اگر پچھلی حکومت نے یہ کہا ہے کہ 100 بلین ڈالر کا نقصان ہے تو یہ بھی بتایا جائے کہ اس صوبے کا نقصان کتنا ہے؟ اور اگر اس War on terror کے سلسلے میں کولیشن سپورٹ فنڈ یا ایڈ اینڈ گرانٹ کے سلسلے میں جتنے پیسے ملے ہیں، وہ بھی بتایا جائے کہ اس صوبے کے اوپر کتنے خرچ ہوئے ہیں؟ این ایف سی میں 1% دینا اس کو ہم مذاق سمجھتے ہیں۔ جناب سپیکر! جب تک یہ کلیئر نہ ہو کہ باقی تو جو یہاں پر خون بہہ رہا ہے، جو Insecurity ہے، جو نفسیاتی طور پر لوگ تنگ ہیں، اس کو علیحدہ کر کے جو فنانشل نقصان ہے، وہ اس صوبے کا کتنا ہوا، ابھی تک اور War on terror کے سلسلے میں جتنے پیسے آئے ہیں، وہ اس صوبے کے اوپر کتنے خرچ ہوئے؟ لہذا اس Six billion اور جناب سپیکر، ایک بات میں اور کہہ دوں، Already one million IDPs وزیرستان سے آئے تھے، پہلے سے سدرن ڈسٹرکٹس میں موجود ہیں، یہ وہ باقی غریب ترین لوگ ہیں جن کی کوئی جگہ نہیں تھی، یہ ایک مشکل حالات میں یہ آرہے ہیں اور اگر ہماری Irrational ہے تو بتائی جائے لیکن اگر یہ سمجھتے ہیں کہ 14 بندوں کی فیملی کو 30 ہزار روپے Per month دینا احمقانہ ڈیمانڈ ہے تو ہمیں اس پر بڑا افسوس ہے، ہم پھر سے یہ ڈیمانڈ کرتے ہیں جناب سپیکر! پھر سے یہ ڈیمانڈ کرتے ہیں کہ Six billion for three four months immediately دیا جائے جتنی جلدی ہو اور کولیشن سپورٹ فنڈ سے دیا جائے اور اگر وہ اس پر بضد ہیں اور دینا نہیں چاہتے تو پھر یہ تو بتایا جائے کہ 75 بلین کولیشن سپورٹ فنڈ کہاں خرچ ہو رہا ہے، کم از کم یہ تو ہمیں بتایا جائے؟ جناب سپیکر، ہم آئی ڈی پیز کیلئے اگرچہ اس کو ہم بدنیتی سمجھتے ہیں کہ ایک صوبے کے اوپر سارا Fallout آنا ہے اور اس صوبے کو، اس صوبائی حکومت کو میڈیا سے پتہ چلتا ہے کہ آپریشن شروع ہوا لیکن ہم تیار ہیں جناب سپیکر! ہم تیار ہیں، ہم اپنے بھائیوں کی مہمان نوازی کرینگے۔ (تالیاں) ہم صوبائی حکومت کے پاس جتنے وسائل ہیں، اس سے زیادہ ان کے اوپر خرچ کرینگے، اس صوبے کے عوام ان کے انتظار میں کھڑے ہیں، جتنا ہم سے ہو سکتا ہے، اس سے ان شاءاللہ زیادہ کرینگے اور جو اس کلچر کے

حوالے سے اس صوبے کی مہمان نوازی مشہور ہے، اس سے ان کے ساتھ زیادہ کرینگے۔ یہ مانتے ہوئے کہ قبائل جو پاکستان کیلئے ہیں، جو پاکستان کے دفاع کیلئے ہیں، ان کے جو خدمات ہیں اور ان کی جو تاریخ ہے اور جو قائداعظم محمد علی جناح کے وعدے ہیں ان کے ساتھ، ہم ان شاءاللہ وہ تازہ کرینگے، ہم کسی طرح پیچھے ہٹنے والے نہیں ہیں اور زیادہ کرینگے لیکن آج اخبار میں جب ایک Genuine demand کو مرکزی حکومت کے Spokesman نے احمقانہ کہا، اس کے اوپر انتہائی افسوس ہے جناب سپیکر۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب! اس کے بعد آپ بات کرینگے لیکن محمد علی صاحب ایک اعلان کرنا چاہتے ہیں۔

جناب محمد علی ترکئی: نَحمَدُہٗ وَ نُصَلّی عَلَی رَسُولِہِ الکَرِیم۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شكر الحمدلله چې الله رب العالمين زه په دې سيټ باندې په ورومبنی ځل باندې اود رولم او يو داسې اعلان را باندې کوی چې هغه د غريبانانو، د مسلمانانو بلکه د انسانيت د پکار راتلو شے دے۔ زه خو اول د ټولو ممبرانو صاحبانو ډيره شکريه ادا کوم د زړه د اخلاصه چې هغوی د يوې يوې مياشتې تنخواه د خپل طرف نه ورکړه او الله د ورله نور هم توفيق ورکړی چې مونږ دغسې د خپلو مسلمانانو وروڼړو خدمت وکړے شو۔ زه د خپل ځان د طرف نه، د لياقت ترکئ ټرسټ د طرف نه د يو فری ميډيکل کيمپ هلته کښې اعلان کوم چې هلته به فری دوايانې ورکوؤ او فری ايمبولينسس به مونږ ان شاء الله و تعالیٰ په خپل تعاون باندې هلته چلوؤ۔ والسلام۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب۔ اچھا جی، راجہ فیصل صاحب۔

راجہ فیصل زمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں سر، بجٹ کے حوالے سے بات کرونگا۔ سر، سب سے پہلے تو سراج الحق صاحب سے میری یہ ریکویسٹ ہو گی، شاید سراج صاحب فارغ ہو جائیں، سراج الحق صاحب سے ریکویسٹ ہو گی کہ ان کے پاس یہ جو چیز بار بار آئی ہے کہ ہمارے فنانس میں Creation of SNEs posts کے حوالے سے بڑا پرابلم ہے، اس کو تھوڑا آسان سر! بنایا جائے کہ جو ہمارے سکولز بند ہیں اور تقریباً یہ ہمارے 100 سے زائد ایم پی ایز ہیں اور ان کے حلقوں میں 20، 20 سکولز بند ہیں تو یہ ایک بہت بڑا کام ہو گا، اس پراسیس کو آسان بنایا جائے۔ سر، یہاں پر وزیر اعلیٰ صاحب بھی موجود ہیں، میں آپ

کی وساطت سے ان سے یہ ریکویسٹ کرونگا کہ عید کے بعد کوئی ایسا دن رکھا جائے جو ایم پی ایز کیلئے آسانی ہو کہ کوئی 'ایم پی ایز ڈے' ایسا ہو کہ ہم لوگ آپ کو بآسانی مہینے میں ایک آدھ دن سہی لیکن ہمارے لئے آسانی ہو کہ ہم آپ کے ساتھ مل سکیں اور اپنے مسائل حل کرانے کیلئے ہمیں آپ سے ملنے میں آسانی ہو۔ دوسری بات میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے 16 کنسلٹنٹس کو Vet کیا ہے، بہت سے کنسلٹنٹس میں سے اور وہ On merit کیا ہے، اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے لیکن 16 کنسلٹنٹس کے درمیان اگر آپ 140 ارب کا بجٹ Divide کریں تو یہ ساڑھے آٹھ ارب ہر کنسلٹنٹ کا آتا ہے، تو ایک کنسلٹنٹ کس طرح یہ ساڑھے آٹھ ارب روپیہ ایک سال میں لگائے گا؟ اور آپ کا جو بجٹ ہے، وہ زیادہ تر Beyond 2014-15 ہے اور یہ کام آپ اپنے ڈیپارٹمنٹس سے کرائیں۔ ان کے جو اہل لوگ ہیں، جن پر آپ کا Faith ہو سکتا ہے، ان پر چیک اینڈ بیلنس رکھیں یا Strictness رکھیں، ان سے کام لیں۔ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں چیف منسٹر صاحب کو بھی سپیکر سر! کہ جو بھی کنسلٹنٹ آئیگا، اگر آپ اس کو دس مہینے کا پراجیکٹ دینگے، Fully funded ہو گا، وہ کریگا ورنہ Beyond والا کام وہ آپ سے نہیں لیگا۔ دوسری میری تجویز سکولز کے حوالے سے ہے، منسٹر صاحب نے ایمرجنسی ڈکلیئر کی ہوئی ہے، ان کی سوچ اچھی ہے، شاید اس وقت سیٹ پر نہیں ہیں ایجوکیشن منسٹر صاحب، ان کی سوچ اچھی تھی لیکن اس کنسلٹنسی کی وجہ سے وہ کام نہیں کرا سکا کہ وہ کنسلٹنٹس کو Vet کرتے کرتے ان کا پورا سال ضائع ہو گیا، Ongoing schemes پر پیسہ چلا گیا لیکن New schemes پر پیسہ نہیں لگ سکا، کسی کے حلقے میں کام شروع نہیں ہوا۔ ان کی اچھی سوچ پر ہمیں شک نہیں ہے لیکن یہ جو سوچ کنسلٹنسی والی تھی، ان کے آڑے آئی لیکن ایک گلہ مجھے ان سے بھی ہے کہ ان کے پاس جب ہم درخواست لیکر جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ میں میرٹ پر کام کرتا ہوں، میں جنرل ٹرانسفر نہیں کرتا لیکن وہاں کے چار میل ای ڈی اوز سال میں وہ ٹرانسفر کر چکے ہیں اور چار ڈی ای اوز فیمیل، تین ڈی ای اوز فیمیل وہ ٹرانسفر کر چکے ہیں۔ یا تو وہاں کے ایم پی ایز ان کو پسند نہیں آ رہے ہیں، تو یہ میری گزارش ہو گی کہ جو بندہ لگائیں، Honest، ایک دفعہ لگا دیں پھر اس کو کام کرنے دیں، ہمارا تو کوئی بندہ نہیں ہے، آپ ہی کے لوگ ہونگے جو لگیں گے وہاں پر، لیکن کم از کم یہ ٹرانسفر / پوسٹنگ آپ خود کہتے ہیں کہ ہم نہیں کرتے تو میرے ضلع میں سات ٹرانسفریں ہوئی ہیں جی، تو میرا ان سے خاص

طور پر یہ گلہ تھا ایجوکیشن منسٹر صاحب سے۔ دوسرا ہمارے منسٹر صاحب جب باہر گئے، انگلینڈ گئے، انہوں نے وہاں سے کونسی Innovations سیکھی ہیں کہ وہ یہاں پر کوئی ایسا انسٹی ٹیوٹ بنائیں کہ جو باہر کی تعلیم کے برابر ہو کہ باہر کے لوگ ہماری تعلیم کو Accept کریں؟ ہمارا بچہ جب ادھر سے پڑھ کے جاتا ہے تو اس کی تعلیم کو Accept نہیں کیا جاتا۔ تیسرا آپ کا شعبہ آجاتا ہے پولیس کا، میں تو یہی کہہ سکتا ہوں، انکے مورال کے حوالے سے میں نے اس دن بات کی تھی، انکا باس اس کو اونچا کر سکتا ہے یا ہمارے سی ایم صاحب ان کے مورال کو اونچا کر سکتے ہیں، اس دن شاید سی ایم صاحب نہیں تھے، میں یہ نوٹس میں لانا چاہتا تھا کہ جو شہیدوں کا پیکج آپ نے دیا ہے، بڑا اچھا کام کیا ہے لیکن سر، اس میں یہ ہے کہ جس طرح آرمی والے لوگوں کو اپنے شہید کو کوئی پرابلم نہیں ہوتا، اس کے Doorstep پر جا کے ہر چیز ملتی ہے، تھوڑی سی سر، اس میں پرابلمز ہیں، Kindly اس کو دیکھ لیں کہ ان کی جو Delay ہے، وہ نہ ہو۔ ایک بندہ جو شہید ہو، اس کے Doorstep پر اس کو جو اس کا حق ہے، وہ مل جائے، یہ میری طرف سے آپ کو تجویز ہے۔ ہیلتھ کے ڈیپارٹمنٹ میں آنریبل منسٹر صاحب سے یہ کہونگا، انہوں نے بہت اچھا ایڈورٹائزمنٹ دیا لیکن آپ کے ایڈورٹائزمنٹ پر جو پیسہ خرچ ہوا، وہ بہت زیادہ تھا۔ میری دوسری ریکویسٹ یہ ہوگی، آنریبل چیف منسٹر صاحب نے سٹیج پر کھڑے ہو کے کہا تھا کہ آپ مجھے پوسٹوں کو Fill کرنے دیں مگر میری آپ سے ریکویسٹ ہوگی کہ آپ کے جتنے بھی بی ایچ یوز ہیں، آپ کے جتنے بھی آر ایچ سیز ہیں، آپ کے جتنے بھی ڈی ٹائپ ہاسپٹلز ہیں، آپ کے جتنے بھی ڈی ایچ کیوز ہیں، ان میں جتنی ڈاکٹرز کی کمی ہے، پہلے اس کو پورا کیجیئے، خدارا بعد میں ہسپتالیں بنائیں، جو پہلے ہسپتالیں موجود ہیں، ان کی جو پوسٹیں ہیں، ان کو پورا کر لیجیئے اور پھر بعد میں کنسٹرکشن کا پراسیس شروع کیجیئے۔ اس کے بعد آپ کا جنرل ایڈمنسٹریشن آجاتا ہے، اس میں پچھلے سال آپ نے کہا تھا کہ ہم کمی کریں گے لیکن اس میں آپ نے خود لکھا ہے کہ ہم نے نئی گاڑیاں خریدی ہیں اور اس میں کوئی Repair بھی ہے اور ساتھ ساتھ Others بھی ہیں، Others میں میں نے اس دن بھی آنریبل سپیکر سر، میں آپ کو ریکویسٹ کرونگا کہ کبھی آپ وزٹ کریں، یہ جو آپ کے گورنمنٹ سرونٹس کے جو کواٹرز ہیں یا کالونیاں ہیں، ادھر کا حال آپ خود جا کے چیک کر لیں، جو کچھ وہ کہتے ہیں، وہ صحیح ہے یا نہیں، آپ خود جا کر وزٹ کریں اور اس کو دیکھ لیں۔ فارسٹ کے حوالے سے ہم سے اضافی پیسے مانگے گئے

ہیں، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں منسٹر صاحب سے کہ کیا آپ نے کوئی نئے درخت لگائے ہیں یا نئی بھرتیاں کی ہیں اور میں منسٹر صاحب سے یہ بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ ارادہ رکھتے ہیں کہ فارسٹ لینڈ کو Lease out کرنے کا کسی Construction purpose کیلئے یا کسی اور Purpose کیلئے یا یہ جو آگ لگا دی جاتی ہے فارسٹ کو، اس کے کچھ تدارک کیلئے آپ نے کچھ سوچا ہے؟ ایریگیشن کے محکمے کے منسٹر صاحب ادھر شاید موجود نہیں ہیں، شاید میری بدقسمتی ہے، آنریبل سی ایم صاحب موجود ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب بیٹھے ہیں لیکن دوسری سیٹ پر بیٹھے ہیں۔

راجہ فیصل زمان: اچھا سر، اس میں مجھے گلہ یہ ہے کہ میں جس حلقے سے تعلق رکھتا ہوں، میرے حلقے میں پانچ کٹھے آتے ہیں لیکن مجھے افسوس یہ ہے کہ مجھے ایک روپیہ پچھلے سال نہیں دیا گیا، میرے جو دو دوسرے بھائی ہیں جن کا تعلق پی ٹی آئی سے ہے، ان بھائیوں کو دیا گیا۔ مجھے خوشی ہے، وہ میرے بھائی ہیں لیکن کم از کم جس حلقے میں پانچ کٹھے ہوں اور ان کٹھوں کی Repair کیلئے ایک روپیہ نہ دیا جائے، یہ میرا والا 'زیرو' صحیح ہے، یہ غلط نہیں ہے، مجھے 'زیرو' ملا ہے، یہ میرا والا 'زیرو' غلط نہیں ہے۔ سپورٹس کے بارے میں کہا گیا جی کہ ہمیں اضافی فنڈ دیا جائے کہ ہم Talent hunt کریں گے، اس Talent hunt میں آپ نے کتنے اچھے بچے چنے، بچیاں چنیں، اس کا بھی ہمیں حوالہ دیا جائے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں، ہم اس کو پاس کریں گے اور آخر میں میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے حوالے سے کہونگا کہ میاں صاحب پر ہم نے اعتماد کیا لیکن میاں صاحب کو ہم کم از کم یہ ضرور کہیں گے، آپ Unregistered گاڑیوں پر چیک رکھیں اور جدھر Unregistered گاڑی ہو اسے ضرور پکڑیں۔ میں آپ سب کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، میں چونکہ زیادہ بات اس لئے نہیں کرونگا کہ شاہ فرمان صاحب نے وہ بات کرلی ہے، میں صرف آپ کی توجہ، اس ایوان کی توجہ پشاور شہر اور جو دیگر شہر ہیں، اس میں جو بجلی کی لوڈشیڈنگ ہے، اس کی طرف دلانا چاہتا ہوں کیونکہ لوگ ہمیں گالیاں دے رہے ہیں اور کئی دنوں سے جناب سپیکر! پشاور شہر میں بارہ بارہ گھنٹے سولہ سولہ گھنٹے بغیر کسی وجہ کے بجلی غائب رہتی ہے جس کی وجہ سے پورے صوبے میں یہ حالات ہیں اور اس میں سب سے بڑا جو ایشو آرہا ہے کہ

جب بجلی نہیں ہوتی ہے تو ٹیوب ویلز بند ہو جاتے ہیں اور ٹیوب ویلز بند ہو جاتے ہیں تو پینے کا پانی نہیں ہوتا ہے، مساجد میں پانی نہیں ہوتا ہے اور یہ عابد شیر علی صاحب نے کئی دفعہ کہا تھا کہ جو لوگ بل دیں گے، ان کو بجلی دیں گے تو پشاور شہر کے لوگ بل دے رہے ہیں جناب سپیکر، Hundred percent بل دے رہے ہیں لیکن عابد شیر علی صاحب کہاں ہیں، ان کی بجلی کہاں ہے؟ یہ ایک ٹرانسفارمر خراب ہو جائے تو دو دو ہفتے وہ ٹرانسفارمر ٹھیک نہیں ہوتا ہے، لوگ ہمیں گالیاں دیتے ہیں اور تاریں بوسیدہ ہو چکی ہیں۔ ہم نے پیسے بھی جمع کئے ہیں، 80 لاکھ روپے میں نے جمع کئے ہیں کہ جی ہمیں ٹرانسفارمر دیدیا جائے، ٹرانسفارمر وہ کہتے ہیں آج آرہے ہیں کل آرہے ہیں، یہ کیا تماشا بنایا ہوا ہے جناب سپیکر؟ ایک طرف یہ کہتے ہیں جی بجلی کا بل ادا نہیں کرتے لوگ، پشاور شہر میں کہتا ہوں Hundred percent بل ادا کر رہے ہیں مگر اس کے باوجود بجلی نہیں مل رہی۔ اکثر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ شاید یہ بجلی ہم نے کنٹرول کی ہے، آپ کو پتہ ہے کہ بجلی اور واپڈا کو مرکز کنٹرول کر رہا ہے تو اس شدید گرمی میں ہم یہ کہتے ہیں کہ بالکل لوڈ مینجمنٹ کریں لیکن لوڈ مینجمنٹ کا مطلب کیا ہے؟ یہ تو نہیں ہو سکتا جناب سپیکر! کہ آپ ٹرانسفارمر جو گندے گلے سڑے ٹرانسفارمرز ہیں، ان کے ذریعے جہاں پر 200 کی ضرورت ہے وہاں پر 100 لگا ہوا ہے، ہم نے پیسے جمع کرائے کہ اس کو چینج کریں اور میرے خیال سے یہ کچھ چھٹا ساتواں مہینہ ہے، ابھی تک اس میں ایک ٹرانسفارمر ہمارے شہر میں وہ چینج نہیں کر رہے ہیں۔ غلط بلز بھجوائے جا رہے ہیں جناب سپیکر، یہ تو بالکل بدمعاشی ہے اس محکمے کی، تو میں یہ روز دیکھتا رہتا ہوں، میرے حلقے میں رات کے وقت لوگ سڑکوں پر بیٹھے ہوتے ہیں کہ جی بجلی نہیں ہے، یا تو پھر ہم مجبور ہو جائیں گے کہ لوگوں کو سڑکوں پر نکالیں یا یہ سازش ہو رہی ہے اس حکومت کے خلاف کہ لوگوں کو اکسایا جا رہا ہے، تو پورے یہ پشاور کیلئے بلکہ میں سمجھونگا کہ پورے خیبر پختونخوا کا ایشو ہے۔ جناب سپیکر، میں عابد شیر علی صاحب جو بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں، ہمارے خلاف پریس کانفرنسیں بھی کرتے ہیں، میں ان سے کہونگا کہ ہم بجلی کا بل دے رہے ہیں، مہربانی کریں آپ اپنا وعدہ پورا کریں، بجلی دیں، اگر نہیں دیتے تو پھر ہمیں مجبور نہ کیا جائے کہ ہم لوگوں کو سڑکوں پر نکالیں۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: عنایت صاحب۔ اچھا یہ تھوڑا ہم بیلنس رکھیں گے تاکہ دونوں سائڈ سے، تو مولانا فضل غفور صاحب بات کریں گے، اس کے بعد آپ بات کریں، اس کے بعد۔ جی مفتی فضل غفور صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر۔ زما نه مخکښې جناب شوکت یوسفزئی صاحب د ټریژری بنچ د طرف نه خبره وکړه خو مونږ په دې پوهه نه شو چې دا ئے په پوائنټ آف آرډر وکړله که بجټ سپیچ وو او که نه په مینځ کښې څه داسې څه خبره اتره زمونږ د دې ایم پی اے صاحب د دې خبرو جواب وو؟ په نوعیت باندې ئے مونږ پوهه نشو خو بهرحال حمایت ئے ضرور کوؤ، دا د ټولې صوبې مسئله ده او په دې باندې زمونږ ټوله صوبه دا په دغه حواله باندې متفق یو۔ جناب سپیکر، زمونږ په ضمنی بجټ باندې 14-2013 باندې بحث شروع دے، کم از کم یو خبره خو ثابته شوله چې تیر اعداد و شمار کوم مونږ دلته فلور آف دی هاؤس ته کیښودلی وو او په هغه وخت باندې مونږ وئیلی وو چې دا بجټ زمونږ متوازن بجټ دے نو کم از کم هغه خبره خو د دې حکومت غلطه ثابته شوله ځکه چې کوم اضافی اخراجات راغلل، هغه چې کله مونږ د دغه تیرو Expenses سره Add کړو نو زمونږ د 14-2013 بجټ دا خساره بجټ شو، دا متوازن بجټ چرته هم نه دے او د دې خپل 15-2014 بجټ پته به هم د راروان 2015 په جون کښې لګی، که هغه وختې هم یو ضمنی بجټ بل پیش شو نو شاید چې دا بجټ هم زمونږ یو پیره بیا تاریخ ثابته کړی چې دا خساره بجټ دے، دا متوازن بجټ نه دے۔ جناب سپیکر، په مختلف سیکټرز کښې اضافی اخراجات شوی دی، پکار دا وه چې هغه وخت کښې د خپلو ضروریاتو ادراک شوے وے او د هغې د پاره بیا د هغې مناسب بجټ دا کیښودلے شوے وے۔ مونږ چې کارکردګئ ته ګورو جناب سپیکر، زه بطور مثال محکمه Relief and Rehabilitation Department به واخلم چې دو ارب 28 کروړ 72 لاکھ 43 هزار روپئ اضافی اخراجات په دیکښې شوی دی۔ زه که د خپلې ضلعې تر حده پورې خبره وکړم جناب سپیکر! نو تیر اګست کښې چې کوم بارانونه وشو، د هغې د وجې نه اوبه راغلې، د خلقو فصلونه ئے خراب کړل، د خلقو پټی ئے خراب کړل، د خلقو کوټې ئے اوغورځولې، د خلقو څاروی ئے یوړل، اموات پکښې وشو، کیجولټیز پکښې وشو، د هغې اعداد و شمار راجمع شو، هغه ډی سی آفس ته او

د ډی سی آفس نه خپل ډیپارټمنټ ته راغے نو جناب سپیکر! هغه ټول فائلونه جوړ کے توں پراته دی، چې څنګه وو هم هغه شان پراته دی نو دا Rehabilitation او دا ریلیف دا د چا سره شوے دے؟ جناب سپیکر، زه خو چې څومره ګورم، څومره حادثات راغلل، څومره آفات راغلل، د هغې د پاره چې څومره فائلونه راغلی دی، هغه هم دغه رنګې په خپل حال باندې زاړه په زاړه پراته دی۔ مخکښې به چرته ډی سی صاحب سره هغه خپل ایګزیکټیو فنډ وو، هغه به موقع باندې لاړو او د هغې اناؤنسمنټ به ئے وکړو او د هغې هغه تدارک به ئے وکړو، د خلقو د نقصاناتو ازاله به یا کیدلې یا نه کیدلې خو زړه به ئے کم از کم هغه مرهم پټئ به ورته ملاؤ شوه۔ زمونږ بونیر کښې مخکښې ورځو کښې پیربابا کښې د ګیس سلنډر پهټاؤ شو، اخباراتو کښې راغلل، ټی وی چینلو باندې راغلل، سالم مارکیټونه د هغې سره اوسوزیدل او خلق په هغې کښې زخمیان شو، په لکهونو روپئ په هغې کښې، په کروړونو روپئ په هغې کښې تاوانونه وشو زما په خیال باندې، جناب سپیکر! فائلونه مونږ هلته تیار کړل او بحیثیت د یو Public representative مونږ هغه خلقو ته تسلی او یقین دهانی ورکړله خو چې تیر حالاتو ته ګورم نو په دغې کښې نن څه زیات توقع او امید دا نشته دے چې د هغه خلقو څه ریلیف به وشی او د هغوی د Rehabilitation د پاره به څه خبره وشی۔ انفراسټرکچر خو خراب شوے وو نو سی ایم صاحب دوئ زمونږ سره وعده هم وکړله او بیا په هغې کښې ډائریکټیوز هم ایشو شو چې دا کوم انفراسټرکچر زمونږ د هغه د ځائې د روډونو نه یا پلونو نه یا وغیره وغیره خراب شوی وو چې دا په 15-2014 اے ډی پی کښې شامل کړئ نو جناب سپیکر! افسوس سره دا خبره کوم، هغه شامل نکړلې شو۔ محترم جناب سپیکر، مونږ سره دلته لکه څنګه چې مولانا لطف الرحمان صاحب خبره وکړله، مونږ په Need basis باندې او د ضرورت په بناء باندې چرته هم فنډنګ نه کوؤ، په سیاسی اپروچ او اثر و رسوخ او په مفاهمانه سیاست باندې مونږ بیا د هغې ډسټری بیوشن او تقسیم کوؤ۔ جناب سپیکر، زه به یو سیکټر صرف راواخلم ایګریکلچر، زراعت چې زمونږ د دغې صوبې تقریباً 75 فیصد خلق د هغوی د ژوند، د هغوی د معیشت، د هغوی د انکم د آمدنئ انحصار دا په زراعت باندې دے او بیا

جناب سپیکر، په دغه 75 فیصد آبادئ چې د چا Depend، د چا روزی، د چا ډوډئ هغه د زراعت سره وابسته ده، په هغې کښې95 فیصد خلق دا انتهائی غریب کاشتکاران زمینداران خلق دے، هغه لوئې لوئې جائیدادونه په سوؤنو په زرګونو ایکړه هغه په دغه صوبه کښې نشته دے۔ دا جناب سپیکر، مونږ چې ګورو زمونږ سره د دغې صوبې چې څومره پیداوری ضرورت دے نو 34 لاکھ ټن خوراک زمونږ سالانه ضرورت دے د دغې صوبې او بیا جناب سپیکر! مونږ ته دلته Achievement څومره کیږی؟ نو چې د ایک لاکھ ټن چاول سره مونږ خپل Achievements راجمع کړو نو Totally مونږ ته 11 لاکھ ټن خوراک دلته خپل د زراعت نه مونږ ته ملاویږی۔ جناب سپیکر، باقی 23 لاکھ ټن خوراک په هغې کښې مونږ محتاج یو، ولې زمونږ سره زمکه نشته دے؟ ولې زمونږ سره اوبه نشته دے؟ خو جناب سپیکر! ډیر افسوس سره دا خبره کوم 20 لاکھ ایکړ اراضی دا د خیبر پختونخوا بنجر پرته ده، دا قابل زراعت جوړول غواړی، دا قابل کاشت جوړول غواړی، د هغې د پاره دغې ډیپارټمنټ ته مخې ته یو ټارګټ او یو هدف کیښودل غواړی چې تا ته څومره بجټ درکړم چې ته به په دا 20 لاکھ ایکړ کښې 10 لاکھ ایکړ ما ته په راروان کال کښېShow کړې چې دا به ما قابل کاشت کړی وی او دا به ما قابل زراعت کړی وی او بیا مونږ په هغې باندې Calculation وکړو چې زه دا 10 لاکھ ایکړ قابل کاشت کړم ما ته به د دې نه څومره خوراک راځی او چې دا 10 لاکھ ایکړ، دا Totally زه قابل کاشت کړم ما ته به د دې نه څومره خوراک په لاس باندې راځی او بیا د هغې نه وروستو به زما د طلب او د رسد تر مینځه بیلنس بیا څومره پاتې کیږی؟ هغې زمیندارو ته Subsidized fertilization دا چې څومره د هغې فرټیلائزر دی چې څومره د هغې څره ده، کھاد دے جناب سپیکر! هغه Provide کول پکار دی۔ جناب سپیکر، په ارزان نرخونو باندې هغې خلقو ته داسې مشینری Provide کول پکار دی چې هغوی پرې خپلې زمکې قابل کاشت کړی۔ جناب سپیکر، مونږ خو ډیر بدقسمتئ سره دا خبره کوؤ، نن که د ایګریکلچر ټیوب ویلز تقسیم کیږی، دا په Need basis باندې نه کیږی بلکه که یو سړے خوش قسمته وو، د صوبې منسټری ورسره چرته وه یا چرته یو اعلیٰ عهده ورسره وه نو د هغه د حلقې زمیندارو ته به

ایګریکلچر ټیوب ویل ملاویږی او که نه زما غونډې وو نو بیا د ګرځی داسې۔ جناب سپیکر، زمونږ سره ایریګیشن چینلز دی، په اربونو روپئ زمونږ دایریګیشن فنډ دے چرته مونږ یو پیره، احتساب کمیشن خو دلته مونږ په دغه څیزونو جوړوؤ، یو احتساب کمیشن په دې پکار دے چې د دې قوم دا خزانه او دا وسائل چې کوم بې رحمئ او بې دردئ سره تقسیم شول، د تیر کال 14-2013 ایریګیشن فنډز د راواخستلی شی، هغه د لږ وکتلې شی چې په Need basis باندې هغه ډسټری بیوټ شوی دی؟ آیا کومو حلقو کښې د هغه خلقو پټو ته د ایریګیشن چینلز ضرورت وو، او به شته دے، چینل نشته دے، آیا هغه خلقو ته دا ایریګیشن چینلز ملاؤ شوی دی او که نه دا بیا چې کوم دے نو د هغه سیاسی بندر بانټ نذر شوی دی؟ جناب سپیکر، زه به د خپلې ضلع په حواله خبره وکړم، مائنز اینډ منرلز ډیپارټمنټ، زمونږ د هغې منسټر صاحب ډیر یو Energetic جناب ضیا ءاللہ آفریدی صاحب، زمونږ ډیر ګران ورور خو زه به یو ګیله وکړم جناب سپیکر، ما پرون هغه اعداد و شمار کتل نو په 2013 کښې چې څومره د ماربل پیداوار دے، په ټوله صوبه کښې تقریباً 10 هزار ټن جناب سپیکر، دا د ټولې صوبې دے او په هغې کښې صرف سات هزار پانچ سو دا د بونیر نه دے، 75 فیصد د ماربلو پیداوار دا زما د ضلعې نه راځی۔ جناب سپیکر، په دیکښې د دو ارب روپو سالانه دا کاروبار، بزنس چلیږی د ماربلو۔ جناب سپیکر، بیا هغه خلقو ته مونږ کوم سهولیات، کوم مراعات ورکړی دی، د چا کورونه چې په دغه درنګونو کښې په دغه مائنز کښې د بلاسټنګ د وجې نه Damage کیږی، د چا روډونه چې د دغې ماربل د ټرانسپورټیشن د وجې نه خرابیږی، جناب سپیکر! زمونږ نهرونه، زمونږ اوبه، زمونږ د چینې اوبه، ښائسته ښائسته خوږې اوبه، هغه چینې هغه چې نن ته وګورې نو ته به وائې چې دا چرته د شودو او د پئیو نهر چلیږی ځکه دغه د ماربلو والا اوبه راځی او د هغې هغه پاؤډر راځی او په هغې کښې مکس کیږی، کم ازکم دا خو پکار ده چې دا مونږ ډیویلپ کړو جناب سپیکر، دغه خلق مونږ Facilitate کړو۔ 27 هزار لیبرز دا زما په ضلع کښې صرف د ماربل او د مائنز سره Related دی، هغه خلقو ته چې مونږ کوم څیزونه ورکوؤ، ما منسټر صاحب سره،'کنسرنډ' منسټر صاحب سره خبره هم وکړله۔

تعلیمی وظائف دی، یره جی د هغې کوالیفیکیشن دومره مشکل دے ، زه پرې لګیا یم څلور پینځه میاشتې وشولې، ما د هغې هغه پروسیجر، هغه پراسیس لا کمپلیټ نکړلے شو۔ هغه خلقو ته که د واټر سپلائی سکیم ملاویږی د ډیپارټمنټ د طرف نه جناب سپیکر، د هغې پروسیجر دومره مشکل دے چې هغه مونږ نشو Facilitate کولې۔ زما په خیال باندې پکار دا ده چې مونږ دغه خلق ډیویلپ کړو، دغه خلق مونږ Facilitate کړو او د هغوی سره مونږ تعاون وکړو او جناب سپیکر، زه خو به دا اووایم، د دې Rehabilitation په حواله باندې مخکښې ورځو کښې زمونږ ضلع کښې ژاله باری وشوله۔۔۔۔

جناب سپیکر: مختصر، مختصر کریں، مختصر۔

مولانا مفتی فضل غفور: بس زه خپله خبره خلاصوم، خبره خلاصوم جی۔ زمونږ ضلع کښې ژاله باری وشوله، ږلئ وشوله، د خلقو جی د کروړونو فصلونه تباه شول، د خلقو د کروړونو فصلونه دا تباه شول جناب سپیکر، دلته د هیلتھ انشورنس سکیم راؤړلے کیږی، دې زمیندارو له هم انشورنس سکیم پکار دے ، پکار دا ده چې د دغه خلقو فصلونه تباه شی، دا چا ته وژاړی، دا چا له لاړ شی؟ هغه خلق د عدم تحفظ د هغې د احساس شکار دی، ما ته په دې خپله خوله کښې، ما ته په دې خپله خوارئ کښې تحفظ نه دے ملاؤ، که یو قدرتی آفت راغلے دے ، بیا د Rehabilitation او د ریلیف د پاره هیڅ ما سره نشته دے ، نه حکومت ما سره په دغه حواله باندې څه تعاون کوی نو مونږ خو د بونیر جرګه راوستله او د ایګریکلچر منسټر صاحب سره کښیناستلو او هغوی تسلی هم راکړله خو ما ته داسې څه هیڅ نه ښکاریږی چې د هغه خلقو به څه مداوا وشی او د هغوی سره به تعاون وشی۔ شکریه جناب سپیکر، خبرې ډیرې دی خو وخت کم دے ، ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ شہرام خان، شہرام خان۔اس کے بعد ضیاءاللہ صاحب! آپ وہ کریں۔

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت): شکریہ سپیکر صاحب۔ایک دو باتوں کی طرف جی، راجہ صاحب نے بات کی ہے ہیلتھ کے حوالے سے کہ اور ہاسپٹلز نہ بنائے جائیں بلکہ Existing جو ہیں، ان میں ڈاکٹرز Provide کیے جائیں تو ان کے نالج کیلئے میں یہ کہہ دوں کہ موجودہ بجٹ میں ہم نے Focus اس پہ کیا ہے

کہ جہاں پر Requirement تھی، Need تھی، بلکہ ہم نے اس کو Priority دی ہے لیکن ہمارا Focus یہ رہا ہے اس بجٹ میں ہیلتھ کے حوالے سے اور ایجوکیشن میں بھی یہی کیا ہے، باقی ڈیپارٹمنٹس میں کہ ہم Existing facilities کو Strengthen کریں، اس کیلئے جتنے ڈاکٹرز ہیں، Already تقریباً پانچ سو کے قریب ڈاکٹرز ہم Hire کر چکے ہیں پہلے سے، ابھی تقریباً ساڑھے چار سو ڈاکٹرز کی سمری موؤ ہو چکی ہے، ان شاء اللہ ایک دو مہینے کے اندر وہ ڈاکٹرز بھی آجائیں گے اور جتنی اور بھی کمی ہے، اس کو بھی ہم War footing پہ پورا کر رہے ہیں ان شاء اللہ جی۔ اس کے علاوہ انہوں نے بات کی کہ ہاسپٹلز کو، جتنی بھی اسمیں Equipments ہیں، اس کو ہم دے رہے ہیں۔ اگر کہیں پہ کمی ہے تو اس کو ہم پورا کرینگے ان شاء اللہ، کہیں پہ خراب ہے اس کو ہم ٹھیک کرینگے اور نئی کی ضرورت ہے تو نئی دینگے اور ہاسپٹلز کی زیادہ تر جو حالت ہوتی ہے، بہت عجیب سی ہوتی ہے اور وہاں پہ بہت زیادہ مطلب یہ ہے کہ Repair کی ضرورت ہے تو اس کیلئے ہم نے اس بجٹ میں فنڈز رکھے ہیں جو کہ ہماری Requirements ہیں، Need ہے، اسی بنیاد پہ ہم نے اس بجٹ میں اس کو Focus کیا ہے، تو یہ میں ایک Clarity کر دوں۔ دوسری میں یہ کہہ دوں، بجلی کے حوالے سے شوکت یوسفزئی صاحب نے بات کی ہے تو اس پہ چھوٹی سی میں بات کر دوں، پورا ملک یہ رونا رو رہا ہے کہ بجلی نہیں ہے اور ہماری حالت صوابی میں ایسی ہے کہ وہ دریا کے کنارے بیٹھا بندہ پیاس ہی سے مر جائے۔ تربیلا ڈیم پورے ملک کو بجلی دے رہا ہے اور ہم یہ رونا رو رہے ہیں کہ وہ آنی اور جانی والی لوڈشیڈنگ ہے، وہ الگ مسئلہ ہے، وہ جو آتی ہے دو گھنٹے، چار گھنٹے وہی پوری مل جائے تو غنیمت ہے، Voltage 70 to 80 رہتا ہے سارا دن اور پورے علاقے میں ایک عجیب سی حالت ہے، لوگ نکل رہے ہیں منسٹرز کے اور ایم پی ایز کے خلاف کہ جی پراونشل گورنمنٹ کیا کر رہی ہے؟ تو سمجھ نہیں آتی، لوگ ہمیں Blame کر رہے ہیں، اختیار کہیں اور پہ ہے اور جو کہتے ہیں کہ جی پیسے دینگے اور بجلی ملے گی، پیسے بھی دے رہے ہیں، لوڈشیڈنگ الگ بات ہے، پوری مل جائے جو چار گھنٹے، دس گھنٹے وہ بھی غنیمت ہے تو اس کیلئے اگر کوئی ترتیب، کوئی راستہ نکالا جائے، رحم اس صوبے پہ کیا جائے، ہمارے صوابی پہ رحم کیا جائے، یہ واپڈا حکام جو ہیں، یہ رحم کی اپیل ان کو، ان کو کیا کریں، بس سمجھ نہیں آرہی، آخر میں اٹھ کے جائیں گے اور ان کے آفس کے باہر بیٹھ جائیں گے اور ادھر ہی دھرنا دینگے کیونکہ اور تو کوئی طریقہ ہمیں سمجھ نہیں آرہا اور

لوگ روزانہ جلسے جلوس کر رہے ہیں، آپ کو بھی پتہ ہے، یہ سارے معززاراکین جتنے بھی بیٹھے ہیں، سب کو یہی مسئلے ہیں تو اس کو Seriously فیڈرل گورنمنٹ کو ایڈریس کرنا چاہیئے اور Seriously اس پہ کیونکہ یہ بھی پاکستان کا حصہ ہے یہ صوبہ اور یہاں کے رہنے والے لوگ۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: عنایت خان۔

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب! مہربانی۔ سر، جو ضمنی بجٹ ہے، اس پہ تو سینیئر منسٹر فار فنانس جو ہیں، وہ Wrap up speech کرینگے اور وہ پوائنٹس نوٹ کر رہے ہیں۔ جو شوکت بھائی نے نکتہ اٹھایا تھا اور آخر میں شہرام خان نے اس پہ بات کی، یہ اس وقت Serious public importance کا ایشو ہے، میں آپ کی اور چیف منسٹر صاحب کی توجہ اس وقت اس لئے دلانا، اس میں آپ کو یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے بارہ گھنٹے کہے، ہمارے حلقوں کے اندر تو اٹھارہ گھنٹے لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے، اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے۔ ٹرانسفارمرز خراب ہو جاتے ہیں اور ہم راستے میں جاتے ہیں، لوگ ہمیں گالیاں دیتے ہیں اور دو دو ہفتے تک ٹرانسفارمرز ٹھیک نہیں ہوتے ہیں، وہ Reclaimed transformers بھی لوگوں کو نہیں ملتے ہیں۔ میں نے پچھلے سال کوئی پانچ چھ ٹرانسفارمرز کیلئے پیسے جمع کیے ہیں، ابھی تک وہ نہیں ملے ہیں، پیسے جمع کرتے ہیں، وہ آپ نہیں دیتے ہیں۔ 2007 کے اندر میں نے چار کروڑ روپے جمع کیے ہیں، اسکا ابھی تک سامان نہیں ملا ہے، اب ہم کہاں جائیں، کس سے یہ شکایت کریں؟ اس لئے یہ انتہائی مردم آزار محکمہ ہے، لوگوں کو ٹارچر کر رہے ہیں اور سچی بات یہ ہے کہ یہ رمضان آرہا ہے اور اگر ہم Seriously نہیں بیٹھیں گے ان کے ساتھ، تو میری اس لئے تجویز ہے سر! کہ ان کو بلائیں، چیف ایگزیکٹیو کو ادھر بلائیں اور یہاں جو پارلیمانی لیڈرز ہیں، حکومت کے لوگ ہیں، ان کو ادھر ان کے ساتھ بٹھائیں۔ چیف ایگزیکٹیو کو، میں تجویز دے رہا ہوں کہ ان کو بلائیں، رمضان سے پہلے پہلے ان کے ساتھ میٹنگ طے کریں اور اس طرح تو نہیں چلے گا، یہ تو Ultimately پھر ہمارا مسئلہ بن جائے گا، صوبائی حکومت کا مسئلہ بن جائے گا، لاءاینڈ آرڈر کا مسئلہ بن جائے گا، اس لئے اس کو بڑا Seriously لیا جائے اور یہ انتہائی Important مسئلہ ہے اور رمضان بھی آرہا ہے، جولائی بھی ہے، گرمی بالکل Peak پہ پہنچنے والی ہے اس لئے I would be unfair with my constituency

elected کہ میں ان کی نمائندگی نہ کروں کہ یہ بارہ گھنٹے کہتے ہیں، میں کہتا ہوں کہ اٹھارہ گھنٹے ہے اور وہ بھی Unscheduled ہے، وولٹیج بھی اتنا Low ہے کہ ایک دن ٹرانسفارمر لگایا جاتا ہے اور دوسرے روز پھر وہ دوبارہ ختم ہو جاتا ہے تو اس لئے ان سارے ایشوز کو ایڈریس کرنا، اس کیلئے ان کو بلائیں تاکہ ہم ان کے ساتھ بات کریں اور جو ہم پیسے جمع کرتے ہیں، ان پیسوں کے بھی ٹرانسفارمرز وہ نہیں دیتے ہیں تو یہ بڑا Important issue ہے اس لئے میں آپ کے، میں، میں۔۔۔

جناب سپیکر: بالکل یہ بہت اہم ایشو ہے اور میں اس لئے چاہتا ہوں کہ کل جیسے ہی اجلاس ختم ہوتا ہے تو میں مولانا صاحب اور آپ سب سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ کل میں تمام پارلیمانی لیڈرز کو اور چیف پیسکو کو ہم بلا لیں گے اور ان سے رمضان سے پہلے جو رمضان کا شیڈول ہے، ان کے ساتھ ڈسکس کرینگے، باقاعدہ ایک ایجنڈا بھیج دینگے تو کل دو بجے ہم اس کو بلاتے ہیں (تالیاں) اور میرا، میرا ایک (قطع کلامی) ملک قاسم صاحب، ملک صاحب! ایک منٹ۔ میں صرف سی ایم صاحب سے ایک ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں کل اپوزیشن کے ایک محترم، میرے خیال میں اپوزیشن لیڈر نے یہ کہا تھا کہ یہاں ایڈمنسٹریٹیو سیکرٹریز کی حاضری کم ہے، میں نے کل Warn بھی کیا تھا، ابھی میں لسٹ دیکھ رہا ہوں، اس میں Mostly جو ڈیپارٹمنٹس ہیں، اس میں کوئی بھی نہیں ہے، میں ان کی لسٹ آپ کے پاس بھیج رہا ہوں، ان کے خلاف جو ڈسپلنری ایکشن ہے، Kindly ان کے خلاف ڈسپلنری ایکشن لے لیں، میں چیک کرتا ہوں جو جو نہیں ہیں تو میں چیف منسٹر صاحب کو وہ کر دوں گا، جو جو۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: چیف منسٹر صاحب بعد میں کرینگے، ابھی آپ خود ایکشن لے لیں۔

جناب سپیکر: نہیں Basically میں چاہتا ہوں کہ تھرو چیف منسٹر ہو، اسکے بعد Definitely یہ تھرو چیف منسٹر ہو جائے گا۔

ارباب اکبر حیات: د عنایت صاحب سیکرتری هم نه دے راغلے۔

جناب سپیکر: اچھا جی۔ یہ میرے خیال میں اس کا سیکرٹری تو کبھی بھی نہیں آیا، اس کے بعد نلوٹھا صاحب بات کرینگے، میرے خیال میں اگر ڈسکشن کافی نہیں ہے تو میں پھر سراج صاحب، ضیاء اللہ صاحب! یہ نلوٹھا صاحب کے بعد آپ بات کرلینگے۔ جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ آج چونکہ ضمنی بجٹ کے حوالے سے بات ہوئی، درمیان میں اور بھی چیزیں ڈسکس ہوگئیں تو سب سے پہلے میں آئی ڈی پیز کی بات کروں گا۔ چونکہ اس دن گورنر خیبر پختونخوانے ہمیں ہدایت بھی دی تھی کہ آپ جو بھی ان کے ساتھ مدد کرسکتے ہیں تو میں اپنی طرف سے ایک مہینے کی تنخواہ کا اعلان کرتا ہوں اور ساتھ ہی جناب مولانا صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ یہ اپوزیشن کے تمام ممبران کو بلاکر اس بات کو رکھیں اور اس کے اوپر میٹنگ کرلیں، تقریباً ہر کوئی ان شاء اللہ آئی ڈی پیز کی مدد کرے گا۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جو معاملہ چل رہا ہے، اس میں ہمیں یکجہتی کی ضرورت ہے، اتحاد کی ضرورت ہے، لگ اس طرح رہا ہے، حکومت کی طرف سے جو تقریریں ہورہی ہیں کہ صوبہ کوئی الگ ہے اور مرکز الگ ہے، میں یہ سمجھتا ہوں جناب سپیکر صاحب! یہ اس پوری قوم کے اوپر ایک بہت بڑا امتحان ہے اور اس امتحان میں سے گزرنے کیلئے اور پاس ہونے کیلئے ہم سب کو اکٹھا ہونا پڑے گا، تمام سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر جب ہم ایک پلیٹ فارم کے اوپر، یہ اس وقت جو آئی ڈی پیز اور قبائلی عوام جس امتحان سے گزر رہے ہیں جناب سپیکر صاحب! وہ اس پورے ملک کیلئے قربانی دے رہے ہیں، اس قوم کیلئے قربانی دے رہے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ میں انہیں اپنی طرف سے خراج تحسین بھی پیش کرتا ہوں کہ جن مشکل حالات میں جس حساب سے جن تکالیف سے وہ گزر رہے ہیں، یقیناً ہم اس مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ ہیں اور یہ آئی ڈی پیز وہ مثال قائم کررہے ہیں کہ جیسے مکہ سے مدینے کی طرف نبی پاک ﷺ اور صحابہ کرامؓ نے ہجرت کی تھی تو مدینہ والوں نے جو سلوک کیا تھا ان کے ساتھ تو پورے پاکستانیوں کے اوپر یہ فرض ہے کہ وہ آئی ڈی پیز کی مدد بھی کریں اور ان کے ساتھ تعاون بھی کریں اور جناب سپیکر صاحب، ان کیلئے گورنر خیبر پختونخوا بھرپور، پورا پورا دن اس معاملے کے اوپر توجہ دے رہے ہیں اور ان کے مسائل کی طرف توجہ دے رہے ہیں، ایک لمحہ نہیں ضائع کررہے ہیں اور ایک بات جو شاہ فرمان صاحب نے کی ہے، میں ان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ انہوں نے چھ ارب کی بات کی ہے کہ ہمارے اوپر تنقید کی گئی ہے تو ان کے اوپر تنقید نہیں کی گئی ہے جناب سپیکر صاحب، میں یہ بات کلیئر کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے یہ کہا ہے کہ چھ ارب روپیہ بہت کم ہے اسے بڑھایا جائے، اگر اس بات سے یہ خفا ہیں تو پھر الگ بات ہے ورنہ انہوں نے یہ کہا ہے کہ یہ چھ ارب روپیہ بہت کم ہے اور اسے بڑھایا جائے، زیادہ کیا جائے تاکہ آئی ڈی پیز

کے جو مسائل ہیں، وہ اتنے کم پیسوں میں حل نہیں ہو سکتے ہیں، اس کیلئے رقم بڑھائی جائے اور میں بھی مطالبہ کرتا ہوں، وفاقی حکومت سے بھی مطالبہ کرتا ہوں کہ یہاں پہ کم از کم 25ارب روپیہ آئی ڈی پیز کیلئے رکھا جائے تاکہ ان کی مشکلات میں کمی لائی جاسکے جناب سپیکر صاحب! اور ساتھ ہی میں جناب سپیکر صاحب، بہت حیران ہوں، میں اس دن دیکھ رہا تھا ٹی وی کے اوپر، پرائم منسٹر صاحب جب یہاں پشاور میں تشریف لائے تو گورنر ہاؤس میں میں نے دیکھا، ایک طرف چیف منسٹر صاحب بیٹھے تھے، ایک طرف گورنر خیبر پختونخوا بیٹھے تھے اور درمیان میں پرائم منسٹر صاحب تھے تو یہاں پہ اس طرح باتیں ہو رہی ہیں جیسے میں، میں ممبر صوبائی اسمبلی ہوں، میں پرائم منسٹر تو نہیں ہوں کہ یہاں پہ یا کوئی اور یہاں پہ اتنا وہ ذمہ دار آدمی نہیں ہے کہ وہ آپ کو جواب دے، ہم تو اگر کوئی اپوزیشن والے لوگ بات کرتے ہیں تو ہمارے سامنے چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہیں، وزراء صاحبان بیٹھے ہیں تاکہ وہ اس بات کا ازالہ کریں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ چیف منسٹر صاحب نے ان سے یہ سارے مسائل ڈسکس بھی کئے ہونگے اور آئندہ بھی کریں گے۔ چونکہ یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے، تمام سیاسی جماعتوں کی ذمہ داری ہے، تمام حکومتوں کی ذمہ داری ہے اور میں اس قوم سے اپیل کرتا ہوں کہ تمام سیاسی اختلافات بھلا کر اس وقت ہمیں پاکستان آرمی کی پشت پہ کھڑا ہونا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ انہیں کامیابی سے ہمکنار کرے اور ایک بات میں جناب سپیکر صاحب، بجٹ سے ہٹ کر کرنا چاہتا ہوں کہ محکمہ اطلاعات و نشریات نے، محکمہ اطلاعات و نشریات نے ریجنل آفسز بند کرنے کا فیصلہ شاید کر دیا ہے اور اس کیلئے درجنوں خاندان فاقوں پہ مجبور ہونگے، تو میں گزارش کرونگا منسٹر صاحب سے بھی اور چیف منسٹر صاحب سے بھی کہ اسی فیصلے کے اوپر نظر ثانی کریں اور چونکہ چیف منسٹر صاحب جب نتھیا گلی میں تشریف لے گئے تھے تو اخباری مالکان اور صحافی تنظیموں کے لوگ انہیں ملے تھے اور انہوں نے کہا تھا کہ میں اس کے اوپر ایک کمیٹی تشکیل دونگا جو اس کے اوپر نظر ثانی کرے گی۔ تو میں یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ انہی لوگوں کو Facilitate کرنے کیلئے یہ فیصلہ واپس لیا جائے اور وہ Offices as it is انہیں کام کرنے کی اجازت دی جائے۔ جناب سپیکر صاحب، میں اب بجٹ کے اوپر مختصر سی بات کرونگا کہ جو بجٹ محترم سینیئر وزیر صاحب نے پیش کیا، ضمنی بجٹ، اس میں انہوں نے 29ارب Something کروڑ روپے انہوں نے ضمنی بجٹ کیلئے پیش کئے تو انہوں نے ذکر کیا کہ یہ ضمنی بجٹ کی ضرورت اس لئے پیش آئی ہے کہ ہمارے

صوبے میں امن و امان کی شدید مشکلات کے تدارک کیلئے محکمہ پولیس کو مزید نفری اور آلات اور دیگر سامان، یہ صرف ایک محکمے کا انہوں نے ذکر کیا۔ بالکل یہ بات درست ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ اس کی ضرورت تھی، انہیں پیش کرنا چاہیئے تھا لیکن میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جناب منسٹر صاحب یہ بتادیں کہ یہ امن وامان کا مسئلہ اس صوبے میں آج پیدا ہوا ہے یا آج سے دس بارہ سال پہلے پیدا ہوا ہے، تو اس کی منصوبہ بندی پہلے کیوں نہیں کی گئی؟ اور اس محکمے کیلئے۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، میں یہاں آج اس اجلاس میں ایم این اے مراد سعید صاحب اور ہمارے بہت ہی محترم ساجد صاحب کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ (تالیاں) جی جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، جب سالانہ بجٹ تیار کیا جاتا ہے تو اس میں صوبے کے تمام ذمہ داران سیکرٹریز صاحبان، ان کا عملہ اور حکومت کے لوگ بیٹھ کر دو مہینے کم از کم اس کے اوپر خرچ کرتے ہیں، تب یہ بجٹ تیار کیا جاتا ہے اور کیا یہ ان کی کمزوری نہیں ہے محکموں کی اور حکومت کی نااہلی نہیں ہے کہ اس کیلئے 29ارب روپے کا ضمنی بجٹ پیش کر دیا گیا اور اس میں 16ارب 36 کروڑ روپے اور پھر ترقیاتی بجٹ کیلئے 12ارب 72 کروڑ روپے کا ضمنی بجٹ پیش کیا گیا؟ تو جناب سپیکر، میں سینیئر وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ 12ارب جو ترقیاتی بجٹ کیلئے آپ نے ضمنی بجٹ پیش کیا ہے تو جو سابقہ بجٹ تھا، اس کی سکیموں کے اوپر ٹینڈر بھی ابھی تک نہیں ہوئے ہیں، وہ خرچ نہیں ہو سکا ہے تو مزید 12ارب روپیہ انہوں نے مانگا ہے تو یہ بالکل ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ گزارش کرونگا سینیئر وزیر صاحب سے کہ بالکل ہمیں تو کوئی اعتراض نہیں ہے، آپ نے کل جس طرح، آپ کو مبارک ہو کہ آپ نے بڑی خوبصورتی کے ساتھ بجٹ کے اوپر جو کٹ موشنز تھیں، وہ آپ نے برابر کر دی تھیں، آج بھی یہی ہو گا، کل بھی یہی ہو گا لیکن چند تجاویز جو میں اپنے علاقے کے حوالے سے دینا چاہتا ہوں، بالخصوص پبلک ہیلتھ کے وزیر صاحب ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، چونکہ کل کٹ موشنز اس کے اوپر نہیں آسکی تھیں تو میرے حلقے میں جناب سپیکر صاحب، بالکل سیریس نہیں ہیں وزراء صاحبان، تو کس سے ہم بات کریں؟ جناب سپیکر صاحب، جب یہ ہماری بات نہیں سنیں گے تو ہمیں کیا ضرورت ہے پھر یہاں پہ کھڑے ہو کر، آپ ہمیں کیوں بلاتے ہیں؟ جناب سپیکر صاحب، بیٹھ جائیں گے، آپ نے پاس کرنا ہے، آپ اپنا بجٹ پاس کر لیں۔

میں پبلک ہیلتھ کے وزیر صاحب سے یہ کہنا چاہتا تھا کہ کل چونکہ ہم بات نہیں کر سکے تھے کٹ موشنز کے اوپر تو جناب سپیکر صاحب! کوئی نو دس ٹیوب ویلز میرے حلقے میں ہیں، میں باقی صوبے کی بات نہیں کرتا جو چھوٹے چھوٹے پمپس، موٹرز یا سٹیبلائزر یا ٹرانسفارمر کی وجہ سے بند پڑے ہیں تو مہربانی کر کے جو ایم اینڈ آر کافی الفور پہلے بھی آپ نے پیسے بھیجے ہیں لیکن ابھی تک چونکہ ہمارے وہ ٹیوب ویلز اسی طرح بند ہیں اور آگے رمضان شریف آرہا ہے تو اگر ٹیوب ویلز نہیں چلیں گے تو لوگوں کو مشکلات ہونگی ایک اور مسئلہ ہے کہ جو نئے ٹیوب ویلز پچھلے دو تین سالوں سے بنے تھے، ان میں جو ایک پوسٹ وہاں پہ سینکشن ہو گئی تھی، دوسری پوسٹ جو 'وال مین' کی تھی، وہ ابھی تک سینکشن نہیں ہوئی ہے تو چونکہ جب ٹیوب ویل کے اوپر دو بندے نہیں ہونگے تو اس کو چلانا بڑا مشکل ہے، تو فی الفور 'وال مین' کی جو پوسٹیں باقی رہتی ہیں، وہ سینکشن کی جائیں اور ایک بات میں ہائر ایجوکیشن کے منسٹر صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ہائر ایجوکیشن کے منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں کہ حویلیاں میں سپیکر صاحب، ایک گرلز ڈگری کالج 'نان اے ڈی پی' میں منظور ہوا تھا جو ایک پرائمری سکول کی بلڈنگ میں چل رہا ہے اور منسٹر صاحب کے نوٹس میں میں نے پہلے بھی ایک دو دفعہ لایا تھا کہ اس کیلئے جگہ بھی خریدی جائے اور ساتھ اس کے اوپر بلڈنگ بھی بنائی جائے تاکہ پرائمری سکول کی بلڈنگ میں بارہ تیرہ سو بچیاں وہاں پہ تعلیم حاصل کر رہی ہیں تو کس طریقے سے وہاں پہ وہ بیچاری تعلیم حاصل کر رہی ہیں، ان کی مشکلات، یہ خود بھی گئے ہیں، جاکر انہوں نے ان کی حالت دیکھی ہے تو مہربانی کر کے اس کیلئے جگہ کا بھی بندوبست کیا جائے اور اس کی بلڈنگ بھی دی جائے۔ بڑی مہربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ جناب ضیاءاللہ صاحب۔۔۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی۔ اچھا چلو مشتاق غنی صاحب وضاحت کریں، بس اس کے بعد ضیاءاللہ صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سراج صاحب کہتے ہیں مختصر ترین بات کرو تو میں مختصر ترین بات کرتا ہوں، میں صرف اورنگزیب نلوٹھا صاحب کی بات کا جواب دینا چاہتا ہوں۔ وہ بالکل صحیح

کہہ رہے ہیں جس کالج میں، In past جس بلڈ نگ میں وہ کالج بنایا گیا تھا، وہ پرائمری سکول کی کوئی بلڈ نگ تھی اور بڑا ہی Congested اس کا ماحول ہے، میں نے وزٹ بھی کیا، پھر اس کے بعد انہوں نے بھی کئی دفعہ اس پہ توجہ دلائی اور کوشش بھی کی۔ پچھلے دنوں ایک میٹنگ ہو چکی ہے، وہاں پہ زمین ہے اس کالج کے ساتھ Adjacent فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کی تو بہت ہی بڑی ویسی زمین پڑی ہے تو ان سے بات چیت ہوئی ہے فارسٹ ڈیویلپمنٹ کارپوریشن سے چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری کی، اور اس میں ہمارا ڈیپارٹمنٹ بھی تھا اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں ان شاءاللہ کہ بہت جلد وہاں پہ ہم زمین فارسٹ والوں سے پیسوں پہ لے رہے ہیں، اپنے ڈیپارٹمنٹ کے نام اور یہ جو گرلز کالج حویلیاں ہے، ہم اس زمین پہ ان شاءاللہ منتقل کر کے After construction یہ بلڈ نگ سکول والوں کو واپس کر دیں گے۔

جناب سپیکر: نگہت اورکزئی۔ اس کے بعد معراج ہمایون اور پھر۔۔۔۔

سردار محمد ادریس: سپیکر صاحب! میں ایک بات کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: اچھا چلو، یہ ضیاءاللہ صاحب بھی بات کریں گے کیونکہ اس کی جو وضاحت ہے، یہ وضاحت اس نے کرنی ہے۔

سردار محمد ادریس: میں بھی ایک وضاحت کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: نگہت! ایک منٹ، آپ بات کریں، بات کر لیں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، یہاں ہم آج بجٹ کے حوالے سے بات کر رہے ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، پہلے بھی میں نے یہ بات فلور آف دی ہاؤس یہ بات کہی تھی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میڈم! آپ ایک بات، میں ریکویسٹ کرتا ہوں تمام معزز ممبران سے کہ جس طرح میں نے ایڈمنسٹریٹیو سیکرٹریز کو بھی کہا ہے کہ اس اسمبلی کے ڈیکورم کا خیال رکھیں اور یہاں یہ ایک بہت ذمہ دار ادارہ ہے اور یہاں سے تمام پاورز جاتی ہیں تو میں اپنے تمام ممبران صاحبان کو بھی ریکویسٹ کرونگا کہ ایک تو اپنی حاضری کو یقینی بنائیں اور جو بھی ڈسکشن ہو، اس کو پوری توجہ سے سنیں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی یہ عرض کیا تھا آپ کے توسط سے کہ ہماری یہ اسمبلی، جس چیئر پر آپ بیٹھے ہیں، جس چیئر پہ اس وقت ہمارے سی ایم صاحب ہیں، سینیئر منسٹر صاحب ہیں جناب سپیکر صاحب، یہ بجٹ جس پر ہم بات کر رہے ہیں جناب سپیکر، یہ بجٹ ہمارے لئے بہت اہم بھی ہے، اس صوبے کے لوگوں کیلئے بھی اور پاکستان کے عوام کی نظریں بھی ان تمام اسمبلیوں پر لگی ہوئی ہیں اور جناب سپیکر صاحب، مجھے بہت افسوس سے یہ بات کرنا پڑتی ہے کہ آج ہمارا جو ایک Image باہر کے ملکوں میں جا رہا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ وہ Image جو ہے، ہم اس کو صحیح رخ پہ لیکر آئیں، تنقید برائے تنقید کی سیاست کو نہ کبھی ہم نے پسند کیا ہے اور نہ ہم کبھی اس کو پسند کرتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، اس وقت مرکز میں پاکستان مسلم لیگ نون، نواز شریف صاحب پرائم منسٹر ہیں، جس طرح پہلے ہمارے پریذیڈنٹ اور پرائم منسٹر تھے، آج وہ ہیں، کل کوئی اور ہوگا جناب سپیکر صاحب! لیکن یہ تسلسل تب ہی چل سکتا ہے جب پاکستان کا وجود قائم اور دائم رہے گا۔ یہاں پہ جو منافقتیں ہیں، یہاں پہ جو پاکستان دشمنی کے عناصر ہیں جناب سپیکر صاحب، جب تک یہ ختم نہیں ہونگے تو ہم آگے کی طرف جا نہیں سکتے۔ جناب سپیکر صاحب، ایک ایسے وقت میں جب ہم پہ تقریباً کوئی پانچ لاکھ آئی ڈی پیز جو ہیں، یہ خیبر پختونخوا کے پراونس پہ ہمارے مہمان بن کے آئے ہیں اور جناب سپیکر صاحب، یہ صرف خیبر پختونخوا کے لوگوں کا کام نہیں ہے کہ ہم ان آئی ڈی پیز کیلئے کیونکہ یہاں صوبے کے وسائل بہت محدود ہیں اور پہلے ہی ہم لوگ خون کے نذرانے دے چکے ہیں اور جو کچھ، میں بڑے افسوس سے یہ بات کرونگی کہ قادری صاحب نے جو ڈرامہ رچایا جناب سپیکر صاحب، اس پہ ہماری معیشت کو کتنا نقصان پہنچا، باہر کے جو جہاز ہیں، جو باہر کی ایئر لائنز ہیں، ان کو ہائی جیک کئے رکھا، یہ ایک الگ بات ہے جناب سپیکر! لیکن میں مرکزی گورنمنٹ سے جناب سپیکر صاحب، آج ایک پاکستانی شہری کی حیثیت سے، اس ہاؤس کی ایک ممبر کی حیثیت سے، مجھے نہ اپوزیشن میں سمجھا جائے، مجھے نہ ٹریژری میں سمجھا جائے، میں ایک عام پاکستانی اور ایک ایم پی اے اور نمائندہ ہونے کی حیثیت سے یہ بات ضرور کرونگی کہ ہمارے Losses جو ہیں، وہ War on terror میں 100% ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کے توسط سے مرکزی حکومت سے یہ مطالبہ کرتی ہوں کہ مجھے یہ بتایا جائے کہ اس War on terror میں جو ہم 100% کے نقصانات برداشت کر رہے ہیں تو اس میں ہمارے

صوبے کو کتنا شیئر مل رہا ہے؟ دوسری بات جناب سپیکر صاحب، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے جو Six billion rupees ہیں جناب سپیکر صاحب، وہ ہمیں جلد از جلد مرکزی گورنمنٹ ریلیز کرے تاکہ ہمارے جو مہمان ہیں جو کہ اپنے گھر بار چھوڑ کر آرہے ہیں، جو اپنی تہذیب اور روایات کو چھوڑ کر آرہے ہیں، ہمارے 'کل' کو بچانے کیلئے وہ اپنا 'آج' قربان کر رہے ہیں تو جناب سپیکر صاحب، مرکزی گورنمنٹ جو ہے، وہ تمام صوبوں پہ چاہے وہ سندھ کی حکومت ہے، چاہے وہ بلوچستان کی حکومت ہے، چاہے وہ کے پی کے کی حکومت ہے، چاہے وہ پنجاب کی حکومت ہے جناب سپیکر صاحب، وہ تمام صوبوں پہ اپنا دست شفقت رکھے، ان کو یہ نہ سمجھے کہ یہ پختون ہیں، یہ بلوچی ہیں، یہ سندھی ہیں، یہ پنجابی ہیں اور جناب سپیکر صاحب، اس میں مجھے ایک شعر یاد آرہا ہے کہ:

اپنی ہر سوچ کو محسن نہ علاقائی کر — گھن کی صورت یہ تعصب تجھے کھا جائے گا

سر، علاقائی سے نکل کر ہمارا جو بجٹ ہے، ہم کسی سے خیرات نہیں مانگ رہے ہیں، ہم کسی سے بھیک نہیں مانگ رہے ہیں، ہم اپنا حق مانگ رہے ہیں اور ان مہمانوں کیلئے ہم اپنا حق مانگ رہے ہیں، ان لوگوں کیلئے ہم اپنا حق مانگ رہے ہیں جنہوں نے کہ کل اور آج دہشتگردی کے خلاف جناب سپیکر صاحب! اپنے گھر بار چھوڑ دیئے، اپنا سب کچھ قربان کر دیا۔ آج وہ رمضان کیلئے جو ہے، رمضان آنے والا ہے اور رمضان سے پہلے مجھے توقع ہے کہ ہمارے جو چھ بلین، ہم زیادہ نہیں، حالانکہ ہمارے 75 billion rupees ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، اس میں سے ہم چھ بلین ان سے فوری طور پر ہم چاہتے ہیں کہ تمام پارٹیاں، میں تمام پارٹیوں سے یہ ریکویسٹ کرتی ہوں کہ اس وقت چھوڑ دیں کہ ہم کون ہیں؟ اس وقت چھوڑ دیں کہ ہم پاکستان مسلم لیگ سے ہیں، اس وقت چھوڑ دیں کہ ہم پاکستان پیپلز پارٹی سے ہیں، اس وقت چھوڑ دیں کہ ہم جماعت اسلامی سے ہیں، اس وقت چھوڑ دیں کہ جے یو آئی (ف) سے ہیں، اس وقت چھوڑ دیں کہ قومی وطن پارٹی سے ہیں، اس وقت چھوڑ دیں کہ متحدہ قومی محاذ سے ہیں، اس وقت چھوڑ دیں کہ پی ٹی آئی سے ہیں، اس وقت دیکھ لیں کہ ہم خیبر پختونخوا کے پختون ہیں اور ہم نے اپنے پختون بہن بھائیوں اور بچوں کے ساتھ وہی سلوک کرنا ہے جیسے رمضان ہم گزارنا چاہتے ہیں اپنے گھروں میں اپنے بچوں کے ساتھ، وہی رمضان کی تمام تر سہولتیں میں اس فلور سے جناب سپیکر صاحب! یہ پرزور مطالبہ کروں گی پاکستان مسلم

لیگ کی سنٹرل لیڈر شپ سے کہ ہم جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں، آپ کو پانچ سال کا مینڈیٹ ملا ہے، ہم پانچ سال کے مینڈیٹ کیلئے آپ کے ساتھ پورے طریقے سے ہم جمہوریت کو ڈی ریل نہیں ہونے دیں گے، ہم جمہوریت کیلئے آپ کا ساتھ دیں گے کیونکہ ہمارے لیڈروں نے اس ملک کیلئے اپنے لہو کے نذرانے پیش کئے ہیں، اپنے بچوں کو یتیم کیا ہے، اپنے گھر والوں کو چھوڑ کے اس مٹی پر اپنا خون نچھاور کر دیا ہے تو ہم بھی انہی کے Followers ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، پاکستان کیلئے یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہر شخص کے آباء واجداد کی بہت قربانیاں ہیں تو پاکستان ہو گا تو ہم ہوں گے، پاکستان ہو گا تو آپ اس کرسی پہ ہوں گے، پاکستان ہو گا تو نواز شریف پرائم منسٹر ہو گا، اگر پاکستان ہو گا تو قائم علی شاہ صاحب چیف منسٹر ہوں گے، پاکستان ہو گا تو شہباز شریف صاحب چیف منسٹر ہوں گے، اسی طرح بلوچستان، اسی طرح پرویز خٹک صاحب جو ہمارے سی ایم ہیں اور میں سمجھتی ہوں کہ یہاں پہ ہم نے ایک Page پہ جانا ہے، ہم نے تمام دنیا کو یہ بتانا ہے کہ اس وقت خیبر پختونخوا اسمبلی کے لوگ جو ہیں، وہ چاہے جس پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں، اپنے خیبر پختونخوا کیلئے وہ ایک مٹھی ہیں اور انہوں نے ایک مٹھی ہو کر اس صوبے کے حقوق کیلئے بات بھی کرنی ہے اور اس کیلئے لڑنا بھی ہے اور اس کیلئے قربانی بھی دینی ہے۔

جناب سپیکر: شکریہ، میڈم۔

محترمہ نگہت اورکزئی: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جناب ضیاء اللہ آفریدی، ضیاء اللہ آفریدی صاحب کو بات کرنے دیں۔ {سینیئر وزیر (خزانہ) کی طرف اشارہ کرتے ہوئے} میرے خیال میں ایک دو، ایک بجے آپ فائنل اپنی تقریر کر لیں۔

جناب ضیاء اللہ آفریدی (وزیر معدنیات): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ مفتی صاحب نے جو بونیر کے حوالے سے ایشو اٹھایا ہے جی، میں اس کی ذرا Explanation دیدوں جی۔ پچھلے دنوں جی میں اور ہمارے محکمے کے سیکرٹری اور ڈی جی بونیر گئے تھے جی۔ ایسوسی ایشن سے بھی ہماری میٹنگ ہو گئی، لیز ہولڈرز سے بھی میٹنگ ہو گئی اور بقول ان کے وہ کہہ رہے تھے کہ گزشتہ 30 سالوں سے ڈی جی بونیر، ڈی جی منرلز نے بھی وزٹ نہیں کیا تھا لیکن ہم، (یعنی) میں، سیکرٹری اور ڈی جی، یہ ہماری گورنمنٹ کی وہ ہے کہ ہم خود گئے، ان کے مسائل سنیں اور آپ کی بات بالکل ٹھیک ہے کہ پورے پاکستان

